☆☆

S.S.C - (Part-II)-A- 2015

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(New Course; New Scheme)**
**Session; 2013-2015**

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 3 |
|---|---|---|---|---|

**Group-I-گروپ**

# اُردو لازمی (معروضی)

وقت:20 منٹ

نمبر:15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ''خدا کا بندہ'' گرائمر کی رو سے ہے۔
(A) مرکب جاری (B) مرکب اشاری (C) مرکب عطفی (D) مرکب اضافی

2. گرائمر کی رو سے صفت مشبّہ ہے۔
(A) رذیل (B) شرمیلا (C) نیک تر (D) سُست

3. دُرست تلفظ والا لفظ ہے۔
(A) بِشارَت (B) نزَاکت (C) وِکالت (D) اِقامَت

4. صبر کا دُرست تلفظ ہے۔
(A) صَبُر (B) صَبَّر (C) صُبَّر (D) صَبّر

5. محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟
(A) ڈاکٹر تاثیر نے (B) پطرس بخاری نے (C) فیض احمد فیض نے (D) شاہد احمد دہلوی نے

6. سبق ''پرستان کی شہزادی'' کس مصنف کی تحریر ہے؟
(A) شفیع عقیل (B) حکیم محمد سعید (C) وحید قریشی (D) اشرف صبوحی

7. شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔
(A) سلیم پور (B) لائل پور (C) جے پور (D) شاہ پور

8. سبق ''چغل خور'' اصنافِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟
(A) ناول (B) افسانہ (C) لوک کہانی (D) آپ بیتی

9. گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔
(A) ضرر رساں (B) آبِ رواں (C) آبِ حیات (D) آبِ زر

10. سبق ''علی بخش'' مصنف کی کس کتاب سے لیا گیا ہے؟
(A) یا خدا (B) نفسانے (C) ماں جی (D) شہاب نامہ

11. مسلمانوں نے استنبول پر پہلا حملہ کب کیا؟
(A) 671ء میں (B) 672ء میں (C) 675ء میں (D) 677ء میں

12. نظم ''نعت'' کے مطابق اب انسان کو انسان کا ہوگا۔
(A) اِحسان (B) عرفان (C) اِعتبار (D) وقار

13. کسان جلوۂ قدرت کا ہے۔
(A) پیشوا (B) گواہ (C) نورِ نگاہ (D) شاہد

14. حسرت موہانی کی غزل کے مطابق انتہا تک پہنچنے کی شرط کیا ہے؟
(A) ابتدا (B) ایثار (C) چاہت (D) محبت

15. ''جوشؔ'' گرائمر کی رو سے کیا ہے؟
(A) لقب (B) تخلص (C) کنیت (D) قلمی نام

S.S.C-(Part-II)-A-2015

Roll No:________ امیدوار خود پُر کرے

(New Course; New Scheme)

| Subject Code | 7 | 0 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|---|

Session; 2013-2015

گروپ-Group-I

# اُردو لازمی (انشائیہ)

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہار جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

ii. بجھے گا نہ جس کا چراغ محبت — وہ پیغمبر ذی وقار آ گیا ہے

iii. پانی تھا آگ ، گرمی روز حساب تھی — ماہی جو سیخ موج تک آئی ، کباب تھی

iv. یہ سعادت حور صحرائی ! تیری قسمت میں تھی — غازیان دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

**(حصہ غزل)**

i. مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تیری آرزو رہنما ہو گئی ہے

ii. آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

iii. سر میں سودا بھی نہیں ، دل میں تمنا بھی نہیں — لیکن اس ترک محبت کا بھروسا بھی نہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) سُنا ہے کہ یہ نہایت شریف گھرانے کی بیٹی تھیں۔ مرہٹہ گردی میں ان کا خاندان تباہ ہو گیا۔ برس دن کی بیاہی بیوہ ہو گئیں۔ اس زمانے میں دوسری شادی کرنا بڑا عیب سمجھا جاتا تھا۔ مغلانی کا پیشہ اختیار کر لیا اور اپنی ہنرمندی کی بدولت رنڈاپا گزار دیا۔ جوانی تو عزت و آبرو سے کٹ گئی، خوب کمایا، ہزاروں روپے انعام میں لیے، مگر رکھنا نہ جانا۔

(ب) میں نے جواب دیا: واہ! تب تو انھیں بلا معاوضہ ایک درجن نوکروں کے جھرمٹ میں سفر کرنا چاہیے چونکہ، ہم غریب ہیں، اس لیے ایک ہی کا سفر خرچ نکلنا مشکل ہے۔ کجا ایک ننھے محافظ کے ساتھ جس کی حفاظت خود مجھ پر فرض ہو گی۔ غرض گھنٹوں ان سے بحث کی، تب کہیں جا کر عقیل صاحب کے پہرے سے نجات ملی۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا محمد سعید کا رویہ کیسا تھا؟

ii. حکیم محمد سعید کا لکھا ہوا کون سا سبق آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

iii. شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کون سی بات یاد آئی؟

iv. بحوالہ سبق "دیو مالی" باغ کے داروغہ کا نام کیا تھا اور وہ کیسے شخص تھے؟

v. پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو کس کام کے لیے بلایا تھا؟

vi. بقول مرزا غالب کون سی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟

vii. حسرت موہانی کا اصل نام کیا تھا اور آپ کہاں پیدا ہوئے؟

viii. آپ کے نصاب میں شامل میر انیس کی کون سی نظم ہے اور اُس کی کس کتاب سے لی گئی ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مُکتبغ یا علی بخش** 05

**6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) عیدین (ii) ایک دلچسپ سفر (iii) والدین کی اطاعت 15

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے "تمام قومی رشتے"، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا چین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

**سوالات:۔**

i. اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

ii. کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

iii. کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

iv. اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

v. اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہو گا؟

☆☆

S.S.C - (Part-II)-A- 2015

Roll No.___________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(New Course; New Scheme)**

**Session; 2013-2015**

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|

## اُردو لازمی (معروضی)

## Group-II-گروپ

وقت:20 منٹ

نمبر:15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ''اخلاق'' کا درست تلفظ ہے۔

(A) اَخلاق (B) اَخُلاق (C) اِخُلاق (D) اِخلاق

2. لفظ ''تعاون'' کا درست تلفظ ہے۔

(A) تِعاوُن (B) تِعاوَن (C) تَعاوُن (D) تُعاوُن

3. حسرت کی غزل میں کیا چیز محبوب کی رہنما بن جاتی ہے؟

(A) جدائی (B) آرزو (C) خواہش (D) محبت

4. ڈاکٹر غلام مصطفیٰ کا شامل نصاب سبق ہے۔

(A) نظریہ پاکستان (B) ملمع (C) چغل خور (D) استنبول

5. سبق ''ملمع'' اصناف ادب کے لحاظ سے ہے۔

(A) افسانہ (B) داستان (C) ناول (D) مضمون

6. نظم ''کسان'' میں ارتقا کا پیشوا کہا گیا ہے۔

(A) کسان کو (B) معلم کو (C) مزدور کو (D) صنعت کار کو

7. شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔

(A) جے پور (B) سلیم پور (C) شاہ پور (D) لکھنؤ

8. لڑکی نے قلی کو رقم دی۔

(A) چونی (B) ایک روپیا (C) اٹھنی (D) دو روپے

9. ''کلہاڑا'' قواعد کی رو سے ہے۔

(A) اسم صوت (B) اسم ظرف (C) اسم آلہ (D) اسم مکبر

10. ''تم مت جاؤ'' قواعد کی رو سے ہے۔

(A) فعل تام (B) فعل امر (C) فعل نہی (D) فعل ناقص

11. سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا۔

(A) زردہ (B) فیرنی (C) بونٹ پلاؤ (D) بریانی

12. مرزا محمد سعید کی عزیز داری کس شخصیت سے تھی؟

(A) شاہد احمد دہلوی (B) مشتاق احمد زاہدی (C) سرسیّد احمد خاں (D) شیخ عبدالقادر

13. شامل نصاب ''نعت'' کے مطابق انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا؟

(A) خداتعالیٰ کا (B) حقائق کا (C) کائنات کا (D) انسان کا

14. مرزا غالب کو تفتہ کا خط کہاں سے آنا تھا؟

(A) سکندر آباد (B) آگرہ (C) کلکتہ (D) کول

15. ''دھلائی'' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

(A) اسم معاوضہ (B) اسم صفت (C) اسم مفعول (D) اسم معرفہ

S.S.C-(Part-II)-A-2015

Roll No:__________ امیدوار خود پُر کرے

**(New Course; New Scheme)**

| Subject Code | 7 | 0 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|---|

**Session; 2013-2015**

**Group-II-گروپ**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

10 **2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔** (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)

**(حصہ نظم)**

i. نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے
ii. اڑتی تھی خاک ، خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا
iii. ہے ، کوئی ، ہنگامہ تیری تربتِ خاموش میں — پل رہی ہے ایک قومِ تازہ اس آغوش میں
iv. اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے ایسے غار ہیں — دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وِصال

**(حصہ غزل)**

i. یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ، صبا ہوگئی
ii. کاروبار جہاں سنورتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے مِلتا ہے
iii. تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

10 **3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔**

(الف) مرزا صاحب بظاہر علیل نہیں معلوم ہوتے تھے۔ اکہرا ڈیل، اُجلا رنگ، کشادہ پیشانی، گھنی بھنوؤں کے سائے میں بڑی بڑی روشن آنکھیں، رخساروں کی ہڈیاں اُبھری ہوئیں، کتروں مونچھیں، ہنستے تو سامنے کے دو چار دانت ٹوٹے ہوئے نظر آتے، مگر بُرے نہ لگتے۔

(ب) اُس نے ایک بار پھر آگے بڑھ کر کسان کی کلائی پکڑنے کی کوشش کی۔ یہ دیکھ کر کسان نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، پاؤں سے جوتا اُتار کر وہیں بیوی کی ٹھکائی شروع کر دی۔ جوں ہی اُس نے بیوی پر جوتے برسانے شروع کیے قریب ہی کھیت میں چھپے ہوئے کسان کے سالے باہر نکل آئے۔

10 **4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔**

i. مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟
ii. تحریکِ خلافت کیوں شروع کی گئی؟
iii. بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟
iv. مصنف کو اپنے بے تکلف دوست بھڑ بھڑیا سے کیا شکایت تھی؟
v. تکیل پڑنے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
vi. ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟
vii. پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کریں۔
viii. نظم "فاطمہ بنتِ عبداللہ" میں "برسے ہوئے بادل" سے کون مراد ہے؟

05 **5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مرزا محمد سعید یا نام دیو مالی**

15 **6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) تعلیم نسواں (ii) ایک دلچسپ سفر (iii) ماں باپ کے ساتھ حُسنِ سلوک

10 **7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔**

سکوت کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دُور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

**سوالات:۔**

i. سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟
ii. تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟
iii. لہروں کا منظر کیسا نظر آتا ہے؟
iv. صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟
v. دُور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

☆☆

S.S.C - (Part-II)-A- 2015

**Roll No.**______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(Old Course;Old Scheme)**

**Session; 2011-2013**

**Paper Code** | 7 | 3 | 6 | 4 |

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت:20 منٹ نمبر:20

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. درست تلفظ ہے۔
(A) عُمَل (B) عِمَل (C) عَمِل (D) عَمَل

2. درست تلفظ ہے۔
(A) حِلاَل (B) حَلاَل (C) حُلاَل (D) حِلّال

3. درست تلفظ ہے۔
(A) تِعَاوُن (B) تُعَاوُن (C) تَعَاوُن (D) تَعَاوِن

4. درست تلفظ ہے۔
(A) مِعْرَاج (B) مَعْرَاج (C) مُعْرَاج (D) مِعَراج

5. درست تلفظ ہے۔
(A) اِعْتِبَار (B) اَعْتُبَار (C) اُعْتَبَار (D) اَعْتَبَّار

6. حضرت عمرؓ نے اضلاع میں مقرر کیئے۔
(A) جج (B) قاضی (C) وکیل (D) مشیر

7. سبق "تحفے" کے مصنف کا نام ہے۔
(A) ابن انشا (B) غالب (C) حالی (D) شبلی

8. بیگم بلقیس تراب بڑی بے فکری سے کس کے کام کی نگرانی کررہی تھیں؟
(A) مستری کے (B) مالی کے (C) قاصد کے (D) دھوبی کے

9. وہ شخص جس پر ڈگری جاری تھی غریب تو تھا لیکن تھا۔
(A) معذور (B) بزدل (C) بہادر (D) غیرت مند

10. فاطمہ بنتِ عبداللہ کی والدہ کا نام تھا۔
(A) عمارہ (B) سارا (C) عذرا (D) لیلیٰ

11. کون سے ادیب ہیں جنھیں گڑ سے چڑ تھی؟
(A) ابوالکلام آزاد (B) مشتاق احمد یوسفی (C) شبلی نعمانی (D) فرحت اللہ بیگ

12. سبق "محروم وراثت" میں احسن کی جائیداد کا منتظم تھا رہا تھی۔
(A) خالد (B) رضیہ (C) محسن (D) صفیہ

13. مرزا غالب کی غزل میں ایک دن معین ہے۔
(A) کھانے کا (B) زندگی کا (C) سفر کا (D) موت کا

14. شاعر نے نظم "گھروں کے نام" میں کس شہر کا ذکر کیا ہے؟
(A) کراچی (B) پشاور (C) ملتان (D) لاہور

15. رفیق نبوت سے مراد ہے۔
(A) حضرت اویس قرنیؒ (B) حضرت علیؓ (C) حضرت ابوبکر صدیقؓ (D) حضرت بلالؓ

16. "اسم عرف" کونسا ہے؟
(A) رستم زماں (B) چھوٹو (C) غالب (D) قائدملت

17. "کنیت" کونسی ہے؟
(A) خان بہادر (B) حالی (C) قائدملت (D) ابوترابؓ

18. "تخلص" کونسا ہے؟
(A) قائدملت (B) ابوالقاسم (C) غالب (D) شمس العلماء

19. آزادی کا متضاد ہے۔
(A) غلامی (B) امیری (C) تاریکی (D) فقیری

20. "مدرسہ" گرائمر کی رو سے ہے۔
(A) ظرف زماں (B) اسم علم (C) اسم معرفہ (D) ظرف مکاں

Roll No:____________ امیدوار خود پُر کرے | (Old Course;Old Scheme) | Subject Code | 7 | 3 | 6

Session; 2011-2013

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ-II

وقت:2:10 گھنٹے

نمبر: 55

## حصہ اوّل

2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ 10

i. اُس کا آنا تھا کہ جنت کے دریچے کھل گئے — ابر رحمت اس قدر برسا کہ چہرے ڈھل گئے

ii. خودی میں ڈوب جا غافل ! یہ سرِّ زندگانی ہے — نکل کر حلقہ شام و سحر سے جاوداں ہو جا

iii. گزر جا بن کے سیلِ تُند رو ، کوہ و بیاباں سے — گلستان راہ میں آئے تو جوئے نغمہ خواں ہو جا

iv. مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی — موت آتی ہے پر نہیں آتی

v. کعبے کس مُنہ سے جاؤ گے غالبؔ — شرم تم کو مگر نہیں آتی

## حصہ دوم

3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) صوبہ جات اور اضلاع کی تقسیم کے بعد سب سے مقدم جو چیز تھی ملکی عہدہ داروں کا انتخاب اور ان کی کاروائی کا دستورالعمل بنانا تھا۔ کوئی فرماں روا کتنا ہی بیدار مغز اور کوئی قانون کتنا ہی مکمل ہو لیکن جب تک حکومت کے عہدہ داران قابل، لائق، راست باز اور متدیّن نہ ہوں اور ان سے نہایت بیدار مغزی کے ساتھ کام نہ لیا جائے، ملک کو کبھی ترقی نہیں ہو سکتی۔

(ب) سرکارِ دوعالم ﷺ کا نام نامی اور اسم گرامی سنتے تو آب دیدہ ہو جاتے۔ ایک بے خودی سی طاری ہو جاتی اور بڑی دیر تک بے خود رہتے تھے۔ مزاج میں احتیاط اتنی تھی کہ عام لوگوں کی طرح "قدیر، غفور، اور عزیز" نہیں کہتے تھے۔ اس طرح کے نام لیتے تو ہمیشہ عبدالقدیر، عبدالغفور اور عبدالعزیز کہتے، کیونکہ کسی انسان کو قدیر، غفور یا عزیز کہنا سوءِ ادب ہے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ 05

i. ایثار  ii. کرکٹ

5. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 20

i. علامہ اقبالؒ  ii. محنت کی برکتیں  ii. وقت کی پابندی

6. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے لیکن اسلام نے لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا۔ وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ تعالیٰ کی توحید اور محمد ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں۔

سوالات:۔

i. اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟
ii. کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟
iii. کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟
iv. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔
v. کیا اسلام میں مختلف ممالک کے مسلمانوں کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

☆☆

S.S.C - (Part-II)-A- 2015

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(Old Course; New Scheme)**

**Session;2012-2014**

Paper Code | 3 | 0 | 2 | 3

**اُردو لازمی** (معروضی)

**Group-I-گروپ**

**وقت:20منٹ** **نمبر:15**

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B,C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ''مرد و زن'' گرائمر کی رُو سے ہے۔

(A) مرکب عددی (B) مرکب جاری (C) مرکب عطفی (D) مرکب توصیفی

2. ''مسجد'' گرائمر کی رو سے ہے۔

(A) ظرف مکاں (B) ظرف زماں (C) اسم جامد (D) اسم مصدر

3. جلال کا دُرست تلفظ ہے۔

(A) جِلاَل (B) جلاّل (C) جَلاّل (D) جَلاَل

4. عرض کا دُرست تلفظ ہے۔

(A) عَرَض (B) عِرض (C) عِرَض (D) عَرْض

5. پروفیسر مرزا احمد سعید کی معرکتہ الآرا کتاب کا نام ہے۔

(A) مذہب اور باطنیت (B) یاسمین (C) خواب ہستی (D) چند ہم عصر

6. ہارے وقت کا کوئی نہیں۔

(A) ساتھی (B) دوست (C) ہمدرد (D) غمگسار

7. اردو شاعری میں_______کے بعد وسعت پیدا ہوئی۔

(A) 1857ء (B) 1858ء (C) 1859ء (D) 1860ء

8. احمد نگر کا دریا سے فاصلہ ہے۔

(A) ایک میل (B) دو میل (C) تین میل (D) چار میل

9. لڑکی نے برقعہ پہنا ہوا تھا۔

(A) ریشمی (B) سُوتی (C) گرم (D) اُونی

10. کسان نے اپنی بیوی کو مارا۔

(A) ہاتھوں سے (B) ڈنڈے سے (C) جوتے سے (D) پاؤں سے

11. مقبرہ رابعہ رو رانی کہاں واقع ہے؟

(A) دکن (B) حیدرآباد (C) دلّی (D) علی گڑھ

12. تیری آرزو ہوگئی ہے۔

(A) رہبر (B) رہنما (C) دل کا سکون (D) نظر کا قرار

13. بارگاہ عطا سے مراد ہے۔

(A) عاشق کی محبت (B) دوست کی نظر (C) محبوب کا گھر (D) اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

14. دیار وفا کے راستے میں صبا ہو جاتی ہے۔

(A) بادِ صرصر (B) بادِ سموم (C) دل کا سکون (D) بادِ نسیم

15. ''مکھڑا'' گرائمر کی رُو سے ہے۔

(A) اسم مکبر (B) اسم ظرف (C) اسم تصغیر (D) اسم ذات

S.S.C-(Part-II)-A-2015

Roll No:_____________ امیدوار خود پُر کرے

**(Old Course; New Scheme)**

**Session;2012-2014**

**Group-I-گروپ**

Subject Code | ۳ | 0 | 0 | 2

# اُردو لازمی (انشائیہ)

نمبر: 60

وقت: 2:10 گھنٹے

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. وہی ہے کائنات اور اس کی مخلوقات کا خالق — نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق

ii. سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

iii. بچھڑے ہوؤں کو بکھرے ہوؤں کو اک مرکز پر لایا — کتنے ستاروں کے جھرمٹ میں سورج بن کر آیا

iv. ڈگمگا جاتے ہیں ریڑھے لڑکھڑا جاتی ہے جیپ — واپس آجائے سلامت سائیکل کی کیا مجال

**(حصہ غزل)**

i. ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

ii. اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

iii. یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) میں نے جواب دیا: واہ! تب تو انہیں بلا مبالغہ ایک درجن نوکروں کے جھرمٹ میں سفر کرنا چاہیے۔ چونکہ ہم غریب ہیں، اس لئے ایک ہی کا سفر خرچ نکلنا مشکل ہے۔ کجا ایک ننھے محافظ کے ساتھ، جس کی حفاظت مجھ پر فرض ہوگی۔ غرض گھنٹوں ان سے بحث کی تب کہیں جا کر عقیل صاحب کے پہرے سے نجات ملی۔

(ب) حضرت ابوایوب انصاریؓ کا مرتبہ علم ایسا تھا کہ صحابہ کرامؓ مسائل کی تحقیق میں ان ہی سے رجوع کرتے تھے۔ حضرت ابوایوب انصاریؓ کی شخصیت میں تین چیزیں نمایاں تھیں۔ جوشِ ایمانی، حق گوئی اور آنحضرت رسول اللہ ﷺ سے بے کراں محبت و عقیدت۔ حضرت ابوایوب انصاریؓ کا ایک مرتبہ و مقام یہ ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے میزبان رہے ہیں۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟

ii. بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟

iii. محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

iv. کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

v. شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

vi. ہر چغل خور خود کس بات کو ماننے سے انکار کرتا ہے؟

vii. شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

viii. کون سے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہو جاتی ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ علی بخش یا مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ** 05

**6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 15

i. علامہ محمد اقبالؒ ii. چاندنی رات ii. فٹ بال کا ایک میچ

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان بلکہ ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں۔ بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے۔ اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان، اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:۔**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

ii. اطالوی اور فرانسیسی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii. آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، ان کے نام لکھیے۔

iv. دُنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

v. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

☆☆

S.S.C - (Part-II)-A- 2015

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(Old Course; New Scheme)

Session;2012-2014

Group-II-گروپ

| Paper Code | 3 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ''قائداعظم'' گرائمر کی رو سے ہے۔

(A) لقب (B) کنیت (C) تخلص (D) خطاب

2. ''چھم چھم'' گرائمر کی رو سے ہے۔

(A) اسم صوت (B) اسم آلہ (C) اسم ظرف (D) اسم مکبر

3. دُرست تلفظ ہے۔

(A) خَیر مَقدَم (B) خَیرُ مَقْدَم (C) خَیرِ مِقْدَم (D) خَیرِ مَقْدِم

4. دُرست تلفظ ہے۔

(A) مُتَرْجِم (B) مَتْرَجَم (C) مُتَرجَم (D) مُتَرجِم

5. نظم ''مال گودام روڈ'' کس شاعر نے لکھی ہے؟

(A) مرزا محمود سرحدی (B) دلاور خان (C) ضمیر جعفری (D) جمیل الدین عالی

6. سبق ''پرستان کی شہزادی'' کس مصنف کی تحریر ہے؟

(A) شاہد احمد دہلوی (B) ہاجرہ مسرور (C) اشرف صبوحی (D) سجاد حیدر یلدرم

7. مرزا محمد سعید کے بقول انسان کس لیئے کام کرتا ہے؟

(A) شہرت (B) دولت (C) عزت اور وقار (D) شہرت اور دولت

8. مصرع مکمل کریں۔ جہاں بادِ______ صبا ہو گئی ہے۔

(A) صرصر (B) خزاں (C) سموم (D) خنک

9. استنبول کو کس کا گھر کہا جاتا ہے؟

(A) عجائب گھروں کا (B) مسجدوں کا (C) کتب خانوں کا (D) مقبروں کا

10. لڑکی کے سفر کا مقصد تھا:

(A) سیر سپاٹا (B) بیمار چچا کی عیادت (C) شادی میں شرکت (D) چھٹیاں گزارنا

11. آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟

(A) تین (B) پانچ (C) سات (D) نو

12. نظم ''نعت'' کے حوالے سے اب انسان کو عرفان حاصل ہوگا۔

(A) خدا تعالیٰ کا (B) حقائق کا (C) کائنات کا (D) انسان کا

13. درجہ کمال تک پہنچنے کے لئے ضروری ہے۔

(A) جدوجہد (B) صلاحیت (C) خوش بختی (D) وسائل کا ہونا

14. ہاجرہ مسرور کا سن پیدائش ہے۔

(A) 1928ء (B) 1929ء (C) 1931ء (D) 1932ء

15. ''ڈھلائی'' گرائمر کی رو سے ہے۔

(A) اسم معاوضہ (B) اسم حالیہ (C) اسم مکبر (D) اسم صوت

Roll No:______ امیدوار خود پُر کرے

**(Old Course; New Scheme)**

**Session;2012-2014**

**Group-II-گروپ**

| Subject Code | 3 | 0 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|---|

**اُردو لازمی** (انشائیہ)

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔** (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

**(حصہ نظم)**

i. بشر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے — محمد مصطفیٰؐ کے نام پر شیدا کیا جس نے

ii. اب انسان کو انساں کا عرفان ہوگا — یقین ہو گیا ، اعتبار آگیا ہے

iii. جھیل گئے دکھ جھیلنے والے ، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے ایک رہے گا ، ایک ہے نام ہمارا

iv. جھٹ پٹے کا نرم رَو دریا ، شفق کا اِضطِراب — کھیتیاں ، میدان ، خاموشی ، غروبِ آفتاب

**(حصہ غزل)**

i. تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

ii. بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں ، وسعتِ صحرا بھی نہیں

iii. سلسلہ فتنۂ قیامت کا — تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) اقبال کے ہاں ہلال عید صرف ہمیں خوش ہی نہیں کرتا، ہماری ہنسی بھی اڑاتا ہے، یتیموں کی عید کے بارے میں بھی اقبالؒ اس رویے کی عکاسی کرتے ہیں جس پر نثر نگار بھی خامہ فرسائی کرتے رہے ہیں۔ یادِ طفلی علامہ اقبالؒ کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے اور وہ منظر کشی والے رجحان کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔

(ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. نعت میں شاعر کے نزدیک حضور پاکؐ کا پیغام کیا ہے؟

ii. نظم ''کسان'' میں شاعر نے کسے ارتقاء کا پیشوا کہا ہے؟

iii. مرزا محمد سعید کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

iv. پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

v. عید کی شاعری کا ہماری شعری روایات سے کیا تعلق ہے؟

vi. محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

vii. لوک کہانی سے کیا مراد ہے؟

viii. نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** ملمع یا علی بخش 05

**6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 15

i. شہری اور دیہاتی زندگی ii. محنت کی برکتیں ii. عیدین

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دُور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:۔

i. سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

ii. تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

iii. طلوعِ آفتاب کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

iv. شاہِ خاور سے کیا مراد ہے؟

v. اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔

☆☆☆

S.S.C - (Part-II)-A- 2016

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

( New Course )

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 5 |
|---|---|---|---|---|

Sessions; 2013-2015 & 2014-2016

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-I

وقت:20 منٹ — نمبر:15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، C,B یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. انتہا تک پہنچنے کی شرط کیا ہے؟
(A) ایثار (B) جہد مسلسل (C) چاہت اور محنت (D) ابتدا کرنا

2. ''قائدِ اعظم'' گرائمر کی رُو سے ہے۔
(A) خطاب (B) کنیت (C) لقب (D) اسم ضمیر

3. ''پپّو'' گرائمر کی رو سے ہے۔
(A) اسم معرفہ (B) عرف (C) کنیت (D) اسم جامد

4. ''وہ لکھے گا'' گرائمر کی رو سے ہے۔
(A) فعل مستقبل (B) فعل مضارع (C) ماضی شکیہ (D) ماضی شرطیہ

5. ''مخالف'' کا درست تلفظ ہے
(A) مَخَالَف (B) مُخَالَف (C) مِخَالَف (D) مُخَالِف

6. کتاب کا دُرست تلفظ ہے۔
(A) کَتاب (B) کِتَاب (C) کُتَاب (D) کُتَاب

7. سید احمد بریلویؒ اور شاہ اسماعیلؒ کب شہید ہوئے؟
(A) 1821ء میں (B) 1831ء میں (C) 1841ء میں (D) 1857ء میں

8. پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں کیا ملا؟
(A) روپیا پیسا (B) کنکر پتھر (C) خلعت اور زیورات (D) جواہرات

9. مصنف کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے۔
(A) شاکر صاحب (B) قرض خواہ دوست (C) احمد مرزا (D) محمد تحسین

10. لڑکی نے قلی کو رقم دی۔
(A) اٹھنّی (B) ایک روپیا (C) پانچ کا نوٹ (D) دس روپے

11. سبق ''علی بخش'' کس کتاب سے لیا گیا ہے؟
(A) نفسانے (B) ماں جی (C) یا خدا (D) شہاب نامہ

12. استنبول کا فاتح کون ہے؟
(A) سلطان محمد فاتح (B) مراد ثانی (C) حضرت ابوایوب انصاریؓ (D) سلطان سلیمان

13. رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے۔
(A) دلّی (B) لاہور (C) لکھنؤ (D) علی گڑھ

14. ''نعت'' کس شاعر کا ہدیہ عقیدت ہے؟
(A) حفیظ جالندھری (B) احسان دانش (C) حفیظ تائب (D) ماہر القادری

15. نظم ''اونٹ کی شادی'' کے شاعر ہیں؟
(A) سیّد ضمیر جعفری (B) سیّد محمد جعفری (C) دلاور فگار (D) محمود سرحدی

(New Course)

Roll No:_______________ امیدوار خود پُر کرے

Subject Code | 7 | 0 | 0 | 2

Sessions; 2013-2015 & 2014-2016

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ-I

وقت:2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. وہی ہے کائنات اور اس کی مخلوقات کا خالق — نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق

ii. بجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت — وہ پیغمبرِ ذی وقار آگیا ہے

iii. سُرخی اُڑی تھی پھولوں سے ، سبزی گیاہ سے — پانی کنوؤں میں اُترا تھا ، سائے کی سیاہ سے

iv. دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر — دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

**(حصہ غزل)**

i. پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرت — جب اس راہ کی ابتدا ہو گئی ہے

ii. مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل ، اسی سے ملتا ہے

iii. بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں ، وسعتِ صحرا بھی نہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) دراصل وہ اپنی عادت سے مجبور تھا اور اسی عادت کی وجہ سے اسے اپنی ملازمت سے بھی ہاتھ دھونا پڑے تھے چنانچہ وہ بے کار تھا۔اس نے دوسری ملازمت کی بہتیری کوشش کی مگر وہ اس میں کامیاب نہ ہوسکا۔ کچھ دن تک تو وہ اپنی جمع پونجی پر گذر بسر کرتا رہا لیکن جب تھوڑا تھوڑا کر کے اس کا سرمایہ ختم ہوگیا تو بہت پریشان ہوا۔اس نے نوکری اور مزدوری کے لئے سرتوڑ کوشش شروع کردی کہ کہیں فاقوں کی نوبت نہ آجائے۔

(ب) سلطان مراد رابع نے مسجد کی خالی دیواروں پر مشہور خطاط مصطفیٰ چلبی سے بڑے بڑے سنہری حروف میں آیاتِ قرآنی لکھوائیں۔محمود اوّل نے 1754ء میں وسیع چھت کا سلطانی راستہ، ایک خوبصورت فوارہ، ایک مدرسہ اور شمال میں ایک وسیع دارالطعام بنوایا نیز مسجد میں ایک بیش قیمت کتب خانہ قائم کیا۔سلطان عبدالمجید کے عہد میں مسجد کے جن حصوں کے مُنہدم ہونے کا خطرہ پیدا ہوگیا تھا ان کی مرمت کروائی۔مشہور خطاط مصطفیٰ آفندی کی لکھی ہوئی آٹھ گول لوحیں بھی اسی عہد میں نصب کی گئیں۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

ii. ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

iii. بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟

iv. کون سی چیز اقبال کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے؟

v. نظم ''کسان'' میں کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

vi. مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟

vii. مسدس ''میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت'' میں میرانیس نے پہلے بند میں زبان کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

viii. استعارہ کسے کہتے ہیں؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** پرستان کی شہزادی **یا** علی بخش 05

**6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) علامہ اقبالؒ (ii) ہاکی کا ایک میچ (iii) علم کے فائدے 15

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کرسکتا۔زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:۔**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

ii. عربی اور انگریزی، زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii. آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔

iv. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

v. دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

S.S.C - (Part-II)-A- 2016

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(New Course)

Paper Code | 7 | 0 | 2 | 2

**Sessions; 2013-2015 & 2014-2016**

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت: 20 منٹ — نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. نصاب میں شامل نعت کے شاعر ہیں۔
(A) احسان دانش (B) حفیظ جالندھری (C) امیر مینائی (D) علامہ اقبالؒ

2. نظم ''کسان'' میں ارتقا کا پیشوا کہا گیا ہے۔
(A) معلم کو (B) کسان کو (C) مزدور کو (D) صنعت کار کو

3. ایک معزز ہندو گھرانے میں پیدا ہوئے۔
(A) جوشؔ (B) جگرؔ (C) نگارؔ (D) فراقؔ

4. شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔
(A) سلیم پور (B) جے پور (C) دلّی (D) شاہ پور

5. اپنے گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور کہاں گیا؟
(A) دوسرے شہر (B) بڑے قصبے (C) دبئی (D) دوسرے گاؤں

6. گدلا پانی پودوں کے لئے تھا۔
(A) بے سود (B) مفید (C) آبِ حیات (D) ضرر رساں

7. علامہ اقبالؒ کونسا پھل پسند کرتے تھے؟
(A) لوکاٹ (B) آم (C) خوبانی (D) انگور

8. لڑکی نے قلی کو رقم دی۔
(A) اٹھنی (B) چونی (C) ایک روپیا (D) دو روپے

9. شاہد احمد دہلوی کا سبق نصاب میں شامل ہے۔
(A) ملمع (B) چغل خور (C) مرزا محمد سعید (D) علی بخش

10. مسجد ایا صوفیا کے برابر کیا واقع ہے؟
(A) جامعہ (B) قبرستان (C) مدرسہ (D) میوزیم

11. ''تم کھاؤ'' قواعد کی رو سے ہے۔
(A) فعل امر (B) فعل تام (C) فعل معروف (D) فعل ناقص

12. مومن قواعد کی رو سے ہے۔
(A) خطاب (B) لقب (C) عرف (D) تخلص

13. ''شاہ سوار'' گرائمر کی رو سے ہے۔
(A) اسم صوت (B) اسم ظرف (C) اسم آلہ (D) اسم مکبر

14. لفظ ''بخار'' کا درست تلفظ ہے۔
(A) بُخُارُ (B) بَخَارُ (C) بُخَارُ (D) بَخَارْ

15. لفظ ''مدرسہ'' کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَدَرَسَہ (B) مَدْرِسَہ (C) مُدْرِسَہ (D) مَدْرَسَہ

Roll No:____________ امیدوار خود پُر کرے

(New Course)

| Subject Code | 7 | 0 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|---|

Sessions; 2013-2015 & 2014-2016

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے　　　　نمبر: 60

2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصّہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

i. زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے　　بچھائے ہیں اُسی داتا نے دسترخوان نعمت کے

ii. غریبوں کی جاں کو ، یتیموں کے دِل کو　　سکوں ہو گیا ہے ، قرار آگیا ہے

iii. پانی تھا آگ ، گرمیِ روزِ حساب تھی　　ماہی جو سیخ موج تک آئی ، کباب تھی

iv. اس کی ڈھلوانوں پہ موٹر کا دھڑک جاتا ہے دِل　　اس کے موڑوں پر لرز جاتے ہیں اکثر باکمال

(حصہ غزل)

i. مِل کے بھی جو کبھی نہیں مِلتا　　ٹوٹ کر دل، اُسی سے مِلتا ہے

ii. سر میں سودا بھی نہیں ، دِل میں تمنّا بھی نہیں　　لیکن اس ترکِ محبّت کا بھروسا بھی نہیں

iii. جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور　　تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) مثلاً میرے دوست احمد مرزا ہیں جنھیں میں بھرے بھڑیا دوست کہتا ہوں۔ یہ نہایت معقول آدمی ہیں۔ میری اُن کی دوستی نہایت پرانی اور بے تکلفی کی ہے مگر حضرت کی خِلقت میں داخل ہے کہ دو منٹ نچلا نہیں بیٹھا جاتا۔ جب آئیں گے شور مچاتے ہوئے، چیزوں کو اُلٹ پلٹ کرتے ہوئے۔

(ب) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح و ستائش بہت کی جاتی ہے۔ مگر خود ولیم راجرز نے اپنی مشہور تصنیف توپ کاپی میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے۔ لیکن توپ کاپی کو نظرانداز کر دیا۔ جہاں قدیم اسلامی عہد کی نادر و نایاب کتابیں بہ کثرت موجود ہیں۔

4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10

i. سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہوسکا؟

ii. مرزا محمد سعید نے کس کالج میں تدریس کے فرائض سرانجام دیئے؟

iii. پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

iv. رشید احمد صدیقی کے پہلے خط کے مخاطب کا نام کیا ہے؟

v. کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

vi. شاعر کے ہاں مصیبت کے ''راحت فزا'' ہونے کی وجہ کیا ہے؟

vii. شاعر کس سڑک کو بے مثال کہہ رہا ہے؟

viii. فراق گورکھپوری کی شاملِ نصاب غزل اُن کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟

5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ نظریہ پاکستان **یا** چغل خور 05

6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (i) حُبِّ وطن (ii) محنت کی برکتیں (iii) چڑیا گھر کی سیر 15

7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ 10

قائدِ اعظم ہمیشہ سے ایماندار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ اُن کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے توڑ پھوڑ اور خلافِ قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتہ نہیں کرتے تھے اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا اُنھیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے اُن کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں اُن کی شہرت بامِ عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات:۔

i. قائدِ اعظم کس قسم کے انسان تھے؟

ii. قائدِ اعظم کا سیاسی رویّہ کس قسم کا تھا؟

iii. قائدِ اعظم کا عظیم کارنامہ کونسا ہے؟

iv. اس عبارت کا عنوان تحریر کیجیے۔

v. ہندوستان کے وائسرایوں نے قائدِ اعظم کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟

رول نمبر (ہندسوں میں) ____________

رول نمبر (لفظوں میں) ____________

اپنی جوابی کاپی کا سیریل نمبر لکھیے ____________

**(For all sessions)**

# اُردُو (لازمی)

پرچہ: II (معروضی طرز)

وقت: 40 منٹ

کل نمبر: 35

دستخط نائب ناظم: ____________

**اپنا رول نمبر اور سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی ہدایات کے مطابق لکھیے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔**

**یہ حصہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ منسلک کیا جائے۔**

**1. دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کیجیے۔**

(i) چاندنی چوک میں صدا لگانے والا فقیر ____________ تھا۔ (بھوکا ۔ بیمار ۔ غریب الوطن)

(ii) میرے ____________ دوست کا نام شاکر خان ہے۔ (ادب پسند ۔ مقدمے باز ۔ شکاری)

(iii) احمد نگر کے رئیس کا نام ____________ ہے۔ (شاکر خان ۔ احمد علی ۔ طالب علی)

(iv) مصنف کو لکھنے پڑھنے سے منع کرنے والے دوست کا نام ____________ ہے۔ (احمد مرزا ۔ محمد تحسین ۔ شاکر خان)

(v) احمد مرزا کی فطرت ہے کہ وہ ____________۔ (اپنی ہی تعریف کریں ۔ نچلا نہ بیٹھیں ۔ چڑچڑے پن کا مظاہرہ کریں)

**2. مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔**

| | الفاظ | جُملے |
|---|---|---|
| (i) | صلہ | |
| (ii) | متموّل | |
| (iii) | ایکا ایکی | |
| (iv) | مدفون | |
| (v) | اہمیت | |

**3. مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیے۔**

| | الفاظ | معانی |
|---|---|---|
| (i) | شہرت | |
| (ii) | غافل | |
| (iii) | خورشید | |
| (iv) | فخر | |
| (v) | مہم | |

**4. مندرجہ ذیل الفاظ کے مترادف لکھیے۔**

| | الفاظ | مترادف |
|---|---|---|
| (i) | زمین | |
| (ii) | حرص | |
| (iii) | بیمار | |
| (iv) | نادان | |
| (v) | رہنما | |

**5. مندرجہ ذیل جملوں کو سوالیہ جملوں میں تبدیل کیجیے۔**

| | جُملے | سوالیہ |
|---|---|---|
| (i) | لاہور باغوں کا شہر ہے۔ | |
| (ii) | شاہر روز اخبار پڑھتی ہے۔ | |
| (iii) | گائے دودھ دیتی ہے۔ | |
| (iv) | یہ خربوزہ میٹھا ہوسکتا ہے۔ | |
| (v) | میں دسویں جماعت کا طالب علم ہوں۔ | |

Roll No.____________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردُو (لازمی)

پرچہ:II(انشائیہ طرز)

وقت: 1:50 منٹ

کل نمبر:40

**6- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 20

i. قائداعظم ii. صبح کی سیر

iii. میرا / میری دوست

**7- مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جوابات لکھیے۔** 8=4+4

i. مرزا محمد سعید کس لئے لکھتے تھے؟

ii. محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

iii. کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

**8- مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کا مطلب آسان اُردو میں لکھیے۔** 05

i. اُسی نے ایک حرفِ کُن سے پیدا کر دیا عالم
کشاکش کی صدائے ہاؤ ہو سے بھر دیا عالم

ii. بُھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے
وُہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے۔

**9. مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 07

شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو یاد آتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب ایک بار یہاں بھی آئے تھے۔ یہاں پر ایک مسلمان تحصیل دار تھے۔ جو ڈاکٹر صاحب کے پکے مرید تھے۔ اُنہوں نے دعوت دی تھی۔ ڈاکٹر صاحب کو پلاؤ اور سیخ کباب بہت پسند تھے۔ آموں کا بھی بڑا شوق تھا۔ وفات سے کوئی چھ برس پہلے جب اُن کا گلا پہلی بار بیٹھا تو کھانا پینا بہت کم ہو گیا۔

سوالات:۔

i. شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

ii. ڈاکٹر صاحب کو کھانے میں کیا پسند تھا؟

iii. وفات سے پہلے ڈاکٹر صاحب کا کھانا پینا کیوں کم ہو گیا تھا؟

☆

**Roll No.**__________ اُمیدوار خود پُر کرے

S.S.C - (Part-II)-A- 2016

**(Old Course)**

**Session;2012-2014**

| Paper Code | 3 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

## گروپ-I

وقت:20 منٹ

نمبر:15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. سبق ''مرزا محمد سعید'' کس ادیب کی تحریر ہے؟

(A) نذیر احمد دہلوی (B) شاہد احمد دہلوی (C) اشرف صبوحی (D) مولوی عبدالحق

2. سبق ''پرستان کی شہزادی'' کس مصنف کی تحریر ہے؟

(A) شاہد احمد دہلوی (B) ہاجرہ مسرور (C) اشرف صبوحی (D) سجاد حیدر یلدرم

3. پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔

(A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

4. یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ '' ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے''۔

(A) اقبال (B) حفیظ جالندھری (C) عبدالمجید سالک (D) حالی

5. شاکر صاحب مصنف کو لے گئے؟

(A) سلیم پور (B) دلّی (C) جے پور (D) شاہ پور

6. لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی؟

(A) اٹھنّی (B) ایک روپیا (C) پانچ کا نوٹ (D) دس روپے

7. ڈاکٹر سراج الحسن کی ایک خوبی یہ تھی کہ وہ تھے۔

(A) نبّاض (B) فیّاض (C) مردم شناس (D) خوش مزاج

8. نظم کسان کے شاعر کا نام ہے۔

(A) علامہ اقبالؒ (B) جمیل الدین عالی (C) جوش ملیح آبادی (D) میر انیس

9. پاکستان ستاروں کے جھرمٹ میں کیا ہے؟

(A) تارا (B) آسمان (C) سورج (D) چاند

10. ادا جعفری کی غزل کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟

(A) شہر درد (B) سازِ سخن بہانہ ہے (C) غزالوں تم تو واقف ہو (D) میں ساز ڈھونڈتی رہی

11. ''لکھنا'' گرامر کی رو سے ہے۔

(A) مصدر (B) اسم (C) مرکب (D) مشتق

12. ''کلمہ پڑھنا'' گرامر کی رو سے ہے۔

(A) مصدر مفرد (B) مصدر لازم (C) مصدر مرکب (D) مصدر متعدی

13. ''شاہ رگ'' گرامر کی رو سے ہے۔

(A) اسم مصغر (B) اسم مکبّر (C) اسم مشتق (D) اسم فاعل

14. عقل کا دُرست تلفظ ہے۔

(A) عَقَل (B) عَقِل (C) عِقْل (D) عَقْل

15. حلال کا دُرست تلفظ ہے۔

(A) حَلال (B) حِلال (C) حِلاَل (D) حَلاَل

S.S.C-(Part-II)-A-2016

| Roll No:______ امیدوار خود پُر کرے |

# (Old Course)

# Session;2012-2014

| Subject Code | 3 | 0 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|---|

## اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-I

وقت: 2:10 گھنٹے　　　　نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصّہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. یہ سرد و گرم ، خشک و تر ، اُجالا اور تاریکی　　نظر آتی ہے سب میں شان اُس کی ذاتِ باری کی

ii. اب انساں کو انساں کا عرفان ہوگا　　یقین ہو گیا ، اعتبار آگیا ہے

iii. آبِ خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر　　گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

iv. لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو　　جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو

**(حصہ غزل)**

i. ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت　　ترے شوق میں کیا سے کیا ہوگئی ہے

ii. سلسلہ ، فتنۂ قیامت کا　　تیری خوش قامتی سے مِلتا ہے

iii. آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سَوا　　آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) اے بھائی مسلمانو! خدا کے لیئے مجھ بدنصیب کا حال سنو میں آفت کا مارا سات بچوں کا باپ ہوں اب روٹیوں کو محتاج ہوں اور اپنی مصیبت ایک ایک سے کہتا ہوں میں بھیک نہیں مانگتا میں یہ چاہتا ہوں کہ اپنے وطن کو چلا جاؤں مگر کوئی خدا کا پیارا مجھے گھر بھی نہیں پہنچاتا بھائی مسلمانو! میں غریب الوطن ہوں میرا کوئی دوست نہیں ہائے میرا کوئی دوست نہیں۔

(ب) اللہ اللہ ہم تو کول سے تمھارے خط کے آنے کے منتظر تھے ناگاہ کل جو خط آیا معلوم ہوا کہ دو دن کول میں رہ کر سکندر آباد آ گئے ہو اور وہاں سے تم نے خط لکھا ہے دیکھیے اب یہاں کب تک رہو اور آگرہ کب جاؤ پرسوں برخوردار شیونرائن کا خط آیا تھا لکھتے تھے کہ کتابوں کی شیرازہ بندی ہو رہی ہے اب قریب ہے کہ بھیجی جائیں۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟
ii. مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟
iii. لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی، اُس کا ماحول کیسا تھا؟
iv. مصنف کے خیال میں اچھا انسان کیسے بن سکتا ہے؟
v. علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟
vi. سڑک پر چلنے والی کن سواریوں کا حلیہ بگڑتا ہے؟
vii. کون تو تیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟
viii. شاعر کو کس کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** مرزا محمد سعید **یا** چغل خور 05

**6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 15

i. عیدین　　ii. شہری زندگی　　ii. سیلاب

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

''غالب نے القاب و آداب، مزاج پُرسی وخیریت نگاری کا قدیم دستور، جس سے سر موتجاوز کرنا روا نہ رکھا جاتا تھا۔ بالکل ترک کر دیا یہ بات نہیں کہ یہ باتیں لکھتے ہی نہ تھے۔ مگر ان قاعدوں کے اور ان کی ترتیب کے پابند نہ تھے۔ القاب و آداب بالکل چھوڑ دیتے اور اوّل سطر سے مضمون شروع کر دیتے تھے۔ کبھی لکھتے تھے تو نئے، مختصر، موزوں القاب لکھتے تھے مثلاً میاں، برخوردار، بندہ پرور، مہاراج، پیرو مرشد، بھائی صاحب۔ اس سے زیادہ لکھا تو ''میری جان کے چین میاں سرفراز حسین''۔ میرے مہربان میری جان، مرزا تفتہ سخن دان'' کبھی یہ سب غائب اور خط اس طرح شروع ''صاحب تم کیا چاہتے ہو'' ------ یا ------ ''مار ڈالا تیری جواب طلبی نے'' اسی طرح دعا، سلام اور اپنا نام اور تاریخ تحریر لکھنے میں بھی کوئی پابندی نہ تھی''۔

سوالات:۔

i. آپ کے خیال میں خط کے ضروری حصے / اجزا کیا ہیں؟
ii. آپ نے غالب کے خط پڑھے ہیں ان کی زبان کیسی ہے؟
iii. قدیم دستور مکتوب نگاری کیا تھا؟
iv. خط کیوں لکھا جاتا ہے؟
v. حامد حسن قادری نے غالب کی مکتوب نگاری کی جو خصوصیات بتائی ہیں ان کا خلاصہ لکھیں۔

☆☆☆☆

S.S.C - (Part-II)-A- 2016

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

# (Old Course)

# Session;2012-2014

Paper Code | 3 | 0 | 2 | 8

# اُردو لازمی (معروضی)

## گروپ-II

نمبر:15

وقت:20 منٹ

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. مصنف نے کس مصیبت کو فقیر کے لئے نعمت تصور کیا ہے؟

(A) روٹی کی محتاجی (B) دوست نہ ہونا (C) غریب الوطنی (D) بھیک مانگنا

2. ''ملمع'' کس کی تحریر ہے؟

(A) خدیجہ مستور (B) ہاجرہ مسرور (C) سجاد حیدر یلدرم (D) اشرف صبوحی

3. چغل خور کہاں رہتا تھا؟

(A) گاؤں میں (B) دوسرے شہر (C) بڑے قصبے (D) دہلی

4. شاعر نے کس سڑک کا مضحکہ اڑایا؟

(A) مال روڈ (B) مال گودام روڈ (C) حجاتی روڈ (D) بندر روڈ

5. ''کسان'' لکھی ہے شاعر نے۔

(A) میر انیس (B) حالی (C) جوش ملیح آبادی (D) دلاور فگار

6. کون سی چیز راحت فزا ہو گئی ہے؟

(A) رنج (B) مصیبت (C) ناکامی (D) حسرت

7. ''دوپہر'' گرائمر کی رو سے کیا ہے؟

(A) اسم ظرف مکاں (B) اسم معرفہ (C) اسم مرکب (D) اسم ظرف زماں

8. ''آنا'' مصدر ہے۔

(A) مصدر مرکب (B) مصدر لازم (C) مصدر مفرد (D) مصدر متعدی

9. ''قائدِ ملت'' گرامر کی رو سے ہے۔

(A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) عرف

10. امرا کا دُرست تلفظ ہے۔

(A) اِمَرَا (B) اُمِرَا (C) اُمَرَا (D) اَمَرَا

11. عالم کا دُرست تلفظ ہے۔

(A) عَالَم (B) عَالِم (C) عَالُم (D) عَالْم

12. اَب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا؟

(A) خدا تعالیٰ کا (B) حقائق کا (C) کائنات کا (D) انسان کا

13. مرزا محمد سعید کے بقول انسان کس کے لیئے کام کرتا ہے؟

(A) شہرت (B) دولت (C) عزت اور وقار (D) شہرت اور دولت

14. پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو بلایا تھا۔

(A) بیٹی کا جہیز ٹانکنے کو (B) انعام دینے کو (C) بیٹی کو سینا پرونا سکھانے کو (D) بیٹی کی شادی میں شرکت کرنے کے لئے

15. عیدالفطر کے موقع پر مسلم معاشرے کے کس طبقے کو سب سے زیادہ مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

(A) اُمرا (B) غُربا (C) متوسط (D) درمیانہ متوسط

S.S.C-(Part-II)-A-2016

Roll No:_____________ امیدوار خود پُر کرے

(Old Course)

Session;2012-2014

Group-II-گروپ

Subject Code | 3 | 0 | 0 | 2

# اُردو لازمی (انشائیہ)

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

i. اُسی نے ایک حرفِ کُن سے پیدا کر دیا عالم ۔۔۔ کشاکش کی صدائے ہاؤ ہُو سے بھر دیا عالم

ii. دو عالم کا امداد گار آگیا ہے ۔۔۔ امین آگیا ، غم گُسار آگیا ہے

iii. گرمی کا روزِ جنگ کی ، کیونکر کروں بیاں ۔۔۔ ڈر ہے کہ مثلِ شمع نہ جلنے لگے زباں

iv. جُھٹ پٹے کا نرم رو دریا ، شَفَق کا اِضطراب ۔۔۔ کھیتیاں ، میدان ، خاموشی ، غروبِ آفتاب

(حصہ غزل)

i. مصیبت بھی راحت فزا ہوگئی ہے ۔۔۔ تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

ii. آدمی آدمی سے ملتا ہے ۔۔۔ دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

iii. سر میں سودا بھی نہیں ، دل میں تمنا بھی نہیں ۔۔۔ لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) ''مسلمان فیشن ایبل خاتون کی ڈائری'' سے چل کر ''رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عید'' ''کنواری بیٹی کی عید'' ''سہاگن کی عید'' ''بچوں اور بڑوں کی عید'' ''دوگانی عید'' ''گھر کی مالکہ کی عید'' ''رمضان اور خیرات'' ''یتیموں کی عید'' تک عید الفطر ہمیں متوسط طبقے اور غریب طبقے کے مسائل و حالات سے منسلک نظر آتی ہے۔

(ب) اب جو دیکھتی ہوں، تو جنگل سائیں سائیں کر رہا ہے اور پینس کو جیسے پہیے لگے ہوئے ہیں اُڑی چلی جا رہی ہے۔ کلیجہ دھک سے ہو گیا۔ بدن میں سنسنیاں آنے لگیں۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ گئے کہ یہ کیا غضب ہوا یہ موئے کہار کہاں لیے جاتے ہیں؟

4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10

i. مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

ii. میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

iii. سبق ''ملمع'' میں لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟

iv. ہر چغل خور کس بات کو ماننے سے انکار کرتا ہے؟

v. لوک کہانی سے کیا مراد ہے؟

vi. نظم ''نعت'' میں شاعر کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیغام کیا ہے؟

vii. نظم اور غزل میں کیا فرق ہوتا ہے؟

viii. فراق گورکھپوری کی شاملِ نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ پرستان کی شہزادی **یا** ملمع 05

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 15

i. علامہ محمد اقبالؒ ii. چاندنی رات ii. علم کے فائدے

7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہرین نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات:۔

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون سے ہیں؟

ii. عربی اور انگریزی، زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii. آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔

iv. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

v. دنیا کے کون سے ممالک میں آریائی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

☆



**Session; 2015-2017**

| Paper Code | 3 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

# اُردُو لازمی (معروضی)

## Group-I-گروپ

وقت:20 منٹ

نمبر:15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ''ندیم نیک ہے'' اس میں ''ہے'' گرامر کی رُو سے ہے۔

(A) فعل لازم (B) فعل متعدی (C) فعل ناقص (D) فعل تام

2. علی بخش کو زمین دی گئی تھی۔

(A) جھنگ میں (B) لائل پور میں (C) لاہور میں (D) خانیوال میں

3. لڑکی کے سفر کا مقصد تھا۔

(A) سیر سپاٹا (B) بیمار چچا کی عیادت (C) خالہ زاد بہن کی شادی میں شرکت (D) چھٹیاں گزارنے کے لیے

4. نظم ''میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت'' صنفِ سخن کے لحاظ سے ہے۔

(A) آزاد نظم (B) قصیدہ (C) شہر آشوب (D) مرثیہ

5. قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں، سیدانی بی کے سامنے:

(A) کام کرتی تھیں (B) کھڑی رہتی تھیں (C) دم نہ مارتی تھیں (D) کان پکڑتی تھیں

6. اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟

(A) حضرت مجدّدِ الفِ ثانیؒ نے (B) شاہ ولی اللہؒ نے (C) سید احمد شہید بریلویؒ نے (D) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ نے

7. ''تو آ'' ''تم کھاؤ'' کس فعل کی مثالیں ہیں؟

(A) فعل مضارع (B) فعل نہی (C) فعل امر (D) فعل مستقبل

8. درست اعراب والے لفظ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) مُصَوِّر (B) مَصَوَّر (C) مِصَوَّر (D) مُصَوَّرْ

9. درست اعراب والے لفظ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) تَرَنَّم (B) تُرَنُّم (C) تِرَنُّم (D) تَرَنُّم

10. شاکر صاحب مصنف کو لے گئے:

(A) دِلّی (B) جے پور (C) شاہ پور (D) سلیم پور

11. پروگرام ''دانش کدہ'' میں دانشور بلائے جاتے تھے۔

(A) چار (B) تین (C) دو (D) سات

12. 'جھیل گئے دُکھ جھیلنے والے' سے مراد ہے۔

(A) محنت کش (B) مزدور (C) کسان (D) پاکستان بنانے والے

13. شاعر کو محبوب کی یاد نہیں آئی۔

(A) ایک ماہ سے (B) ایک سال سے (C) ایک مدّت سے (D) ایک عرصے سے

14. 1868ء میں غالب کے خطوط کا مجموعہ شائع ہوا۔

(A) عودِ ہندی (B) اردوئے معلّیٰ (C) دستنبو (D) قاطع برہان

15. ''دھلائی'' گرامر کی رُو سے ہے۔

(A) اسمِ علم (B) اسمِ مصغر (C) اسمِ صفت (D) اسمِ معاوضہ

S.S.C-(Part-II)-A-2017

Roll No:_____________ امیدوار خود پُر کرے

**Session; 2015-2017**

6

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## Group-I-گروپ

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

ii. مُشتر کے گھر میں پیامِ بہار ہے سہرا — کبھی کبھی تو بڑا بے مہار ہے سہرا

iii. یوں تو میرے شہر میں سڑکیں کئی ہیں لازوال — لیکن اک ایسی سڑک بھی ہے نہیں جس کی مثال

iv. سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اِک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

**(حصہ غزل)**

i. یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر صبا ہوگئی ہے

ii. سلسلہ، فتنۂ قیامت کا — تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

iii. جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر و الحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور [illegible] سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود اکبر کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔

(ب) اب علی بخش کا ذہن بڑی تیزی سے اپنے مرکز کے گرد گھوم رہا ہے اور وہ بڑی سادگی سے ڈاکٹر صاحب کی باتیں سناتا جاتا ہے۔ ان باتوں میں قصوں اور کہانیوں کا رنگ نہیں بلکہ ایک نشے کی سی کیفیت ہے۔ جب تک علی بخش کا یہ نشہ پورا نہیں ہوتا، غالباً اسے ذہنی اور روحانی تسکین نہیں ملتی۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. شاعر منزلِ مقصود پر پہنچنے کے لیے پُرامید ہے۔ کیوں؟

ii. انسان کو انسان ہونے کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

iii. کون سی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟

iv. علی بخش کو ایک مربع زمین کیوں اور کہاں الاٹ ہوئی؟

v. لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

vi. چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لبِ لباب کیا تھا؟

vii. ”آنکھ کی شبنم افشانی“ سے کیا مراد ہے؟

viii. مرزا صاحب نے کس کالج میں تدریس کے فرائض سرانجام دیے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ استنبول یا مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ** 05

**6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 15

i. وقت کی پابندی   ii. برسات کا موسم   ii. طالبِ علم کے فرائض

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے۔ انہیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مرگئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

**سوالات:**

i. پنجاب کی حد غزنی تک پھیلی ہوئی تھی، کس زمانے میں؟

ii. جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

iii. وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے۔ کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

iv. وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

v. جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

☆☆☆☆

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

S.S.C - (Part-II)-A- 2017

Session; 2015-2017

| Paper Code | 3 | 0 | 2 | 8 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-II

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ''طاہرہ آئی'' اس جملے میں ''آئی'' ہے۔

(A) فعل ناقص (B) فعل تام (C) فعل معروف (D) فعل مجہول

2. درست اعراب والا لفظ ہے۔

(A) مُسافِر (B) مَسافَر (C) مِسافُر (D) مُسافُر

3. درست اعراب والا لفظ ہے۔

(A) مَحْبُوب (B) مُحُبُوب (C) مَحْبُوبْ (D) مُحْبُوبْ

4. مصنف نے کس دوست کو بھڑ بھڑیا دوست کہا ہے؟

(A) محمد تحسین کو (B) احمد مرزا کو (C) قرض خواہ دوست کو (D) مقدمہ باز دوست کو

5. محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟

(A) ڈاکٹر تاثیر نے (B) پطرس بخاری نے (C) فیض احمد فیض نے (D) حمید احمد خان نے

6. سب محنت کش:

(A) کام میں لگ گئے (B) متحد ہو گئے (C) تعمیر وطن پر لگ گئے (D) گلے ملے

7. حفیظ جالندھری کس سن میں پیدا ہوئے؟

(A) 1800 میں (B) 1876 میں (C) 1885 میں (D) 1900 میں

8. کتابوں کی شیرازہ بندی کے بارے میں مرزا کو خط لکھا:

(A) تفتہ نے (B) میرن نے (C) میر مہدی مجروح نے (D) شیونرائن نے

9. وہ فعل جو صرف فاعل کو چاہے، گرامر کی رُو سے ہے۔

(A) فعل ناقص (B) فعل تام (C) فعل لازم (D) فعل متعدی

10. وہ فعل، جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا، دیر کے گزرے ہوئے زمانے میں معلوم ہو، اسے کہتے ہیں۔

(A) ماضی تمنائی (B) ماضی شکیہ (C) ماضی بعید (D) ماضی استمراری

11. علامہ اقبالؒ کو پھل زیادہ پسند تھا۔

(A) انگور (B) لوکاٹ (C) آم (D) خوبانی

12. سبق ''ملمع'' اصنافِ ادب کے لحاظ سے ہے۔

(A) افسانہ (B) مضمون (C) ناول (D) داستان

13. دن کے مثال شب سیاہ ہونے کی وجہ تھی۔

(A) آفتاب کی حدت (B) دھوپ (C) تپش (D) لُو

14. پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو بلایا تھا۔

(A) جہیز ٹانکنے کو (B) انعام دینے کو (C) شادی میں شرکت کو (D) کھانا پکانے کو

15. کانگریس قائم ہوئی۔

(A) 1906 میں (B) 1895 میں (C) 1886 میں (D) 1885 میں

Roll No:__________ امیدوار خود پُر کرے

**Session; 2015~2017**

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. اب انساں کو انساں کا عرفان ہوگا یقیں ہو گیا، اعتبار آ گیا ہے
ii. وہ لُو کہ الحذر، وہ حرارت کہ الاماں زن کی زمیں تو سُرخ تھی اور زرد آسماں
iii. دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر دِن کو جس کی اُنگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر
iv. مہکی مہکی روشن روشن پیاری پیاری نیاری رنگ برنگے پھولوں سے اِک سجی ہوئی پھلواری

**(حصہ غزل)**

i. میں درماندہ اُس بارگاہِ عطا کا گُنہ گار ہوں اِک خطا ہو گئی ہے
ii. آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے
iii. ایک مدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) ان کے کتب خانے میں ہر علم کی کتاب موجود تھی۔ ملازمت درس و تدریس ہی کی تھی۔ اس لیے نئی سے نئی کتاب پڑھتے رہتے تھے۔ فرماتے تھے کہ اگر میں اتنا مطالعہ نہ کروں تو ان انگریز پروفیسروں کے آگے کیسے ٹھہر سکتا ہوں۔ پنشن لینے کے بعد بھی ان کا واحد مشغلہ مطالعہ کتب ہی رہا۔ ان کا یہ شغل اب تک جاری تھا۔ پنشن کا بڑا حصہ کتابیں خریدنے میں صرف کر دیتے تھے۔

(ب) ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فیٹ کا راستہ بن گیا۔ نمازی دو رویہ کھڑے ہو گئے۔ ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مندوبین نہایت اطمینان سے باہر آ گئے۔ یہ تنظیم کی بات ہے۔ تُرک اب دنیا کی نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟
ii. چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لبِ لباب کیا تھا؟
iii. لڑکی سٹیشن پر پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟
iv. نام دیو مالی کی موت کا سبب کیا تھا؟
v. کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟
vi. استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے؟
vii. آنکھ کی شبنم افشانی سے کیا مراد ہے؟
viii. ''اِک شمع بجھائی۔۔۔۔'' سے کیا مراد ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** پرستان کی شہزادی **یا** چغل خور 05

**6. دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) سائنس کے کرشمے (ii) محنت کی برکتیں (iii) ایک دلچسپ سفر۔ 15

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو اُن کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان، زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟ ii. عربی اور انگریزی زبانیں کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟ iii. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟
iv. آریائی خاندان کی جن زبانوں کا ذکر اوپر کیا گیا ہے، ان کے نام لکھیے۔ v. دنیا کے کون کون سے ممالک ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

D & D (Part-II)-A-2017

رول نمبر (ہندسوں میں) ______________

رول نمبر (لفظوں میں) ______________

اپنی جوابی کاپی کا سیریل نمبر لکھیے ______________

دستخط نائب ناظم: ______________

**(For all sessions)**

# اُردُو (لازمی)

پرچہ:II (معروضی طرز)

وقت: 40 منٹ

کل نمبر: 35

**اپنا رول نمبر اور سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی ہدایات کے مطابق لکھیے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔**

**یہ حصہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ منسلک کیا جائے۔**

**1. دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کیجیے۔ 10**

(i) سلطان محمد فاتح گھوڑے سے اُتر کر ........ میں داخل ہوئے۔ مسجد۔ غار۔ محل۔ کلیسا

(ii) پورے شہر میں ...... مساجد ہیں۔ چار سو۔ پانچ سو۔ چھ سو۔ ایک ہزار

(iii) ترکی کے وزیر اعظم جناب ترگت اوزال ہمارے ....... تھے۔ ہمراہ۔ میزبان۔ مہمان۔ مہربان

(iv) سلیمانیہ سے ملحق ایک بڑا ....... ہے۔ کتب خانہ۔ مدرسہ۔ کالج۔ عجائب گھر

(v) جامع مسجد احمد اپنے ..... میناروں کی وجہ سے مشہور ہے۔ چار۔ چھ۔ آٹھ۔ دس

**2. مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 10**

| | الفاظ | جُملے |
|---|---|---|
| (i) | پیغام | |
| (ii) | یقین | |
| (iii) | غم گسار | |
| (iv) | قرار | |
| (v) | سانحہ ارتحال | |

**3. مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیے۔ 05**

| | الفاظ | معانی |
|---|---|---|
| (i) | چُغل خور | |
| (ii) | وسیع | |
| (iii) | فتح | |
| (iv) | آمادہ | |
| (v) | راز | |

**4. مندرجہ ذیل الفاظ کے مترادف لکھیے۔ 05**

| | الفاظ | مترادف |
|---|---|---|
| (i) | بہادر | |
| (ii) | دانا | |
| (iii) | مسرت | |
| (iv) | حاضر | |
| (v) | صبح | |

**5. مندرجہ ذیل جملوں کو منفی جُملوں میں تبدیل کیجیے۔ 05**

| | جُملے | منفی جملے |
|---|---|---|
| (i) | میرے سر میں درد ہے۔ | |
| (ii) | حسن اُردو پڑھ رہا ہے۔ | |
| (iii) | تالاب میں مچھلیاں ہیں۔ | |
| (iv) | علی روزانہ ورزش کرتا ہے۔ | |
| (v) | یہ رمضان کا مہینہ ہے۔ | |

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردُو (لازمی)

پرچہ:II (انشائیہ طرز)

وقت: 1:50 منٹ

کل نمبر: 40

**6- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 20

i. قائداعظم ii. وقت کی پابندی iii. میرا / میری دوست

**7- مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جوابات لکھیے۔** 8=4+4

i. علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

ii. چغل خور کو اپنی بُری عادت سے کیا نقصان اُٹھانا پڑا؟

iii. استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے؟

**8- مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کا مطلب آسان اُردو میں لکھیے۔** 05

i. دو عالم کا امداد گار آ گیا ہے
امین آ گیا، غم گسار آ گیا ہے

ii. مہکی مہکی روشن روشن پیاری پیاری نیاری
رنگ برنگے پھولوں سے اک سجی ہوئی پھلواری

**9. مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 07

ایک دن میں دہلی کے چاندنی چوک سے گزر رہا تھا کہ میری نظر ایک فقیر پر پڑی جو بہت مؤثر طریقے سے اپنی حالت زار لوگوں سے بیان کرتا جا رہا تھا۔ دو تین منٹ کے وقفے کے بعد یہ درد سے بھری اسپیچ انھی الفاظ اور اسی پیرائے میں دہرا دی جاتی تھی۔ یہ طرز مجھے کچھ ایسا خاص معلوم ہوا کہ میں اُس شخص کو دیکھنے اور اس کے الفاظ سننے کے لیے ٹھہر گیا۔ اس فقیر کا جسم موٹا تازہ تھا۔ اور چہرہ ایک حد تک خوبصورت ہوتا، مگر بد معاشی اور بے حیائی نے صُورت مسخ کر دی تھی۔

**سوالات:-**

i. دہلی کے چاندنی چوک پر مصنف کی نظر کس پر پڑی؟

ii. فقیر کس طریقے سے اپنی حالت زار بیان کر رہا تھا؟

iii. فقیر کا حلیہ کیسا تھا؟

☆☆☆☆

S.S.C - (Part-II)-A- 2017

Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

**Sessions; 2013-2015 & 2014-2016**

# اُردو لازمی (معروضی)

## گروپ-I

وقت:20 منٹ نمبر:15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. چغل خور نے سب سے پہلے کس کے پاس جا کر چغلی کھائی؟

(A) بھائی کے پاس (B) سالے کے پاس (C) بیوی کے پاس (D) چچا کے پاس

2. سبق بحوالہ نام دیو مالی مقبرے کا باغ کس کی نگرانی میں تھا؟

(A) مصنف (B) شاعر (C) منیجر (D) مالی

3. وفات سے کتنے برس پہلے علامہ اقبال کا گلا پہلی دفعہ خراب ہوا؟

(A) دو برس پہلے (B) چار برس پہلے (C) چھ برس پہلے (D) سات برس پہلے

4. جامع مسجد سلطان احمد کے کتنے مینار ہیں؟

(A) پانچ (B) آٹھ (C) چار (D) چھے

5. چُونگی کس چیز پر معاف تھی؟

(A) گندم پر (B) لکڑیوں پر (C) اناج اور اپلے پر (D) سبزیوں پر

6. رشید احمد صدیقی نے اپنے خط میں کس کے گراں بار احسانات کا شکریہ ادا کیا؟

(A) ڈاکٹر وحید قریشی (B) ڈاکٹر محمد حسن (C) ڈاکٹر احمد یار (D) ڈاکٹر مبارک

7. ڈاکٹر وحید قریشی کہاں پیدا ہوئے؟

(A) میانوالی (B) سرگودھا (C) فیصل آباد (D) لاہور

8. نظم "حمد" کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) علامہ اقبالؒ (B) احسان دانش (C) میر انیس (D) حفیظ جالندھری

9. جمیل الدین عالیؔ کی کون سی نظم شاملِ نصاب ہے؟

(A) جیوے جیوے پاکستان (B) اُونٹ کی شادی (C) کسان (D) مال گودام روڈ

10. کون سی چیز راحت فزا ہوگئی ہے؟

(A) مسرت (B) رنج (C) ناکامی (D) مصیبت

11. "منزل" کا درست تلفظ ہے

(A) مَنْزِل (B) مُنْزَل (C) مُنْزِل (D) مَنْزِل

12. "تعارف" کا درست تلفظ ہے۔

(A) تعِارُفِ (B) تَعَارُفْ (C) تِعارُف (D) تَعارَفِ

13. جملہ خبریہ کی اقسام ہیں۔

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

14. "ندیم نیک ہے" اس میں 'ہے' کونسا فعل ہے؟

(A) تام (B) معروف (C) لازم (D) ناقص

15. فعل ماضی کی اقسام ہیں۔

(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھے

Roll No:__________ امیدوار خود پُر کرے

## Sessions; 2013-2015 & 2014-2016

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-I

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصۂ نظم اور دو حصۂ غزل سے)** 10

**(حصۂ نظم)**

i. دو عالم کا امداد گار آگیا ہے — امین آگیا ، غم گسار آگیا ہے

ii. یہ سعادت حورِ صحرائی ! تیری قسمت میں تھی — غازیانِ دیں کی سقائی تیری قسمت میں تھی

iii. جلوۂ قدرت کا شاہد حسن فطرت کا گواہ — ماہ کا دل مہر عالم تاب کا نورِ نگاہ

iv. مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ — یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

**(حصۂ غزل)**

i. مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل ، اسی سے ملتا ہے

ii. یوں تو ہنگامے ، اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست ، کچھ ایسوں کا ٹھکانہ بھی نہیں

iii. یہ فخر تو حاصل ہے برے ہیں کہ بھلے ہیں — دو چار قدم ہم بھی تیرے ساتھ چلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) دل میں خوش اور ظاہر میں بسورتی ہوئی سب سے رخصت ہوئی۔ وہی پری زاد جو مجھے پالکی سے اتار کر لائی تھی، ساتھ لے کر چلی۔ پھاٹک کے باہر پالکی موجود تھی اور مردوں کی سی وضع کا آدمی پاس کھڑا تھا۔ میں پالکی میں بیٹھی اور دَم کے دَم میں پالکی ہوا سے باتیں کرنے لگی۔

(ب) ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فیٹ کا راستہ بن گیا۔ نمازی دو رویہ کھڑے ہوگئے۔ ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مندوبین نہایت اطمینان سے باہر آگئے یہ تنظیم کی بات ہے۔ ترک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں۔ ان کا یہ ڈسپلن ان کو دنیا کی بڑی قوم بنا رہا ہے۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. سجاد حیدر یلدرم نے کیوں فقیر کو خوش قسمت کہا؟

ii. لڑکی نے چھت پر ٹہلتے ٹہلتے پڑوس کے مکان میں جھانک کر کیا دیکھا؟

iii. کسان نے کن شرائط پر چغل خور کو ملازم رکھا؟

iv. نام دیو بچوں کا علاج کس طرح کرتا تھا؟

v. حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

vi. شاعر فراق گورکھپوری نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا؟

vii. کھیت سے منہ پھیر کر کسان کہاں جاتا ہے؟

viii. حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے قید و بند کی سختیاں جھیلیں، کس بادشاہ کے دور میں اور کیوں؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** مرزا محمد سعید **یا** چغل خور 05

**6. دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) تمباکو نوشی کے نقصانات (ii) چائے کی ایک دعوت (iii) تعلیم نسواں 15

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

مسلمانوں کے ایک ہزار سالہ دورِ اقتدار میں ہندو اور مسلمان ساتھ ساتھ رہے۔ انھوں نے ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھا۔ ہندوؤں کی بعض رسمیں مسلمانوں میں رائج ہوئیں اور بعض اسلامی تصورات ہندوؤں میں مقبول ہوئے۔ لیکن ہندو اور مسلمان آپس میں جذب ہو کر ایک معاشرہ نہ بن سکے۔ ہندو اور مسلمان عموماً الگ الگ محلوں میں رہتے تھے۔ اس لیے ہندو نہ تو آپس میں متحد ہوتے تھے نہ مسلمانوں کی طرف خلوصِ دل سے ہاتھ بڑھاتے تھے۔ اگرچہ مسلمان اور ہندو دونوں قومیں ایک خطۂ ارض میں رہتی تھیں لیکن مسلمانوں کی رواداری کے باوجود، ہندوؤں کے معاشرتی اور مذہبی تعصبات پختہ ہوتے گئے۔ باہمی میل جول اور یگانگت کا خاصا فقدان رہا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کی یہ الگ الگ حیثیت پورے اسلامی دور میں نمایاں رہی۔ اس صورتِ حال کو پاکستان کی مخصوص اصطلاح میں دو قومی نظریہ کہا جاتا ہے۔

**سوالات:۔**

i. ہندوؤں اور مسلمانوں نے ایک ساتھ رہ کر ایک دوسرے سے کیا کچھ سیکھا؟

ii. ہندوؤں اور مسلمانوں کے آپس میں تعلقات کیسے رہے؟

iii. ہندو معاشرہ آپس میں متحد کیوں نہ ہوسکا؟

iv. مسلمانوں نے ہندوؤں پر کتنے عرصے تک حکومت کی؟

v. دو قومی نظریہ کیا ہے؟

☆☆☆☆

S.S.C - (Part-II)-A- 2017

Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 8 |
|---|---|---|---|---|

# Sessions; 2013-2015 & 2014-2016

## اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-II

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے؟

(A) میٹھا (B) کڑوا (C) کھٹا (D) نمکین

2. حکومت نے علی بخش کو زمین الاٹ کی۔

(A) آدھا مربع (B) ایک مربع (C) دو مربعے (D) تین مربعے

3. سبق ''استنبول'' ایا صوفیہ کے برابر ہے۔

(A) قبرستان (B) عجائب گھر (C) کتب خانہ (D) فوجی عجائب خانہ

4. نظم ''مال گودام روڈ'' کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

(A) اندیشۂ شہر (B) مطلع عرض ہے (C) سنگینے (D) فی سبیل اللہ

5. شاعر ''جگر مراد آبادی'' فتنۂ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے؟

(A) محبوب کی خوش قامتی سے (B) خوش ادائی سے (C) انگڑائی سے (D) محفل آرائی سے

6. ''چھم چھم'' گرائمر کی رو سے ہے۔

(A) اسم آلہ (B) اسم ظرف (C) اسم صوت (D) اسم مکبر

7. ''ذوق'' گرائمر کی رو سے ہے۔

(A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) کنیت

8. ''یہ کتاب'' گرائمر کی رو سے ہے۔

(A) مرکب جاری (B) مرکب توصیفی (C) مرکب اشاری (D) مرکب اضافی

9. ''معطر'' کا درست تلفظ ہے۔

(A) مُعِطَرْ (B) مُعَطَّرْ (C) مُعَطَر (D) مُعَطِر

10. ''معذرت'' کا درست تلفظ ہے۔

(A) مُعذّ رِت (B) مَعذِرت (C) مُعَذَ رت (D) مَعَذَرَت

11. نظم ''نعت'' اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا؟

(A) خدا تعالیٰ کا (B) حقائق کا (C) کائنات کا (D) انسان کا

12. مرزا محمد سعید کی عزیز داری کس شخصیت سے تھی؟

(A) شاہد احمد دہلوی (B) سرسیّد احمد خاں (C) شیخ عبدالقادر (D) مشتاق احمد زاہدی

13. پرستان میں پھل دار پودے بڑے بڑے تھے۔

(A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

14. مصنف نے کس دوست کو بھڑ بھڑیا دوست کہا؟

(A) شاکر صاحب (B) محمد تحسین (C) احمد مرزا (D) قرض خواہ دوست

15. سبق ''ملمع'' کے ماخذ کا نام ہے۔

(A) وہ لوگ (B) سب افسانے میرے (C) ہائے اللہ (D) چوری چھپے

Roll No:__________ امیدوار خود پُر کرے

# Sessions; 2013-2015 & 2014-2016

## اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) — 10

(حصہ نظم)

i. اُسی نے ایک حرفِ کُن سے پیدا کر دیا عالم — کشاکش کی صدائے ہاؤ ہو سے بھر دیا عالم
ii. غریبوں کی جان کو، یتیموں کے دِل کو — سکوں ہو گیا ہے، قرار آگیا ہے
iii. اڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا
iv. سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(حصہ غزل)

i. مصیبت بھی راحت فزا ہوگئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے
ii. ہم اُسے منہ سے بُرا تو نہیں کہتے فراق — دوست تیرا ہے مگر آدمی اچھا بھی نہیں
iii. جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ — 10

(الف) یہ سوچ کر اس کا دل بیٹھنے لگا اور وہ خاموشی سے نیم تاریک سی کالی کلوٹی سڑک کی طرف دیکھنے لگی۔ جس پر اکا دُکا چرخ چوں کرتے ہوئے یکے کی میلی چمنیوں والی بتیوں سے ایک کثیف سی روشنی نکل کر سڑک پر رینگ رہی تھی۔ اس کا خیال فوراً ہی اپنی موجودہ حالت کی طرف دوڑ گیا۔

(ب) اس مسجد کی تعمیر سلطان سلیمان کے ایما پر فنِ تعمیر کے مشہور معمار جناب محترم سنان کے ہاتھوں ہوئی۔ اس کا سنگِ بنیاد ۱۵۵۰ء میں رکھا گیا اور ۱۵۵۷ء میں اِس کی تعمیر پایۂ تکمیل کو پہنچی۔

4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ — 10

i. عید کی شاعری کا ہماری شعری روایات سے کیا تعلق ہے؟
ii. سبق ''مُلمّع'' کے حوالے سے ''لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی'' اُس کا ماحول کیسا تھا؟
iii. مرزا غالب نے کتابوں پر کیا رائے دی ہے؟
iv. بحوالہ غزل ادا جعفری ''اک شمع بُجھائی۔۔۔۔ سے کیا مراد ہے؟
v. ڈاکٹر محمد حسن کا شکریہ کس بات پر ادا کیا گیا ہے؟
vi. نعت کے پہلے شعر میں حضورﷺ کی کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟
vii. شُدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟
viii. نظم ''فاطمہ بنت عبداللہ'' میں ''تازہ انجم کے ظہور'' کا مفہوم تحریر کریں۔

5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ نظریہ پاکستان **یا** علی بخش — 05

6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (i) تعلیمِ نسواں (ii) قائدِ اعظم (iii) وقت کی پابندی — 15

7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ — 10

ملکہ کی اس دلدوز اور ولولہ انگیز تقریر سے سب امیروں وزیروں کی رگِ حمیت بیدار ہوگئی اور سب نے تہیہ کرلیا کہ وطن کی حفاظت میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ نثار کردیں گے۔ شاہی فوج کی آمد کی خبریں برابر احمد نگر پہنچ رہی تھیں۔ چاند بی بی نے فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام اپنے ہاتھ میں لے لیا اور سارے انتظام مکمل کر کے دشمن کی آمد کا انتظار کرنے لگی۔ بالآخر شاہی فوج آئی۔ احمد نگر پر حملہ کیا لیکن احمد نگر والوں نے شاہی فوج کا مقابلہ اتنی ہمت اور دلیری سے کیا کہ اس کے دانت کھٹے ہوگئے۔

سوالات:۔

i. ملکہ کی تقریر نے کیا اثر پیدا کیا؟
ii. اس عبارت کیلئے موزوں عنوان لکھیے۔
iii. شاہی فوج کے حملے کا کیا انجام ہوا؟
iv. چاند بی بی نے احمد نگر کو بچانے کیلئے کیا تدابیر اختیار کیں؟
v. فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام کس نے اپنے ہاتھ میں لے لیا؟

☆☆☆☆

S.S.C - (Part-II)-A- 2018

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے — **Sessions; 2015-17 & 2016-18** — Paper Code 3 0 2 7

# اُردو لازمی (معروضی)

## Group-I-گروپ

نمبر: 15

وقت: 20 منٹ

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. سبق ''چغل خور'' مصنف کی کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(D) جاپان کی لوک کہانیاں (C) پنجاب کی لوک کہانیاں (B) چینی لوک کہانیاں (A) پنجابی لوک داستانیں

2. اقلیتوں کے _____ کی حفاظت کرو۔

(D) مذہب (C) حقوق (B) رویوں (A) دہشت گردی

3. ''میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(D) میر خلیق (C) مولوی میر حسن (B) میر انیس (A) مرزا دبیر

4. نظم ''فاطمہ بنت عبداللہ'' کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟

(D) ارمغان حجاز (C) ضرب کلیم (B) بال جبریل (A) بانگ درا

5. کون سا راستہ جہاں بادِ صرصر صبا ہو گئی ہے؟

(D) راہِ وفا (C) رہِ دیارِ وفا (B) دیارِ وفا (A) راہِ محبت

6. اسم علم کی اقسام ہیں۔

(D) پانچ (C) چار (B) تین (A) دو

7. ''تلوار'' گرامر کی رو سے ہے۔

(D) اسمِ مکبر (C) اسمِ صوت (B) اسمِ آلہ (A) اسمِ ظرف

8. ''رات'' گرامر کی رو سے ہے۔

(D) ظرفِ زماں (C) ظرفِ مکان (B) اسمِ نکرہ (A) اسمِ معرفہ

9. درست تلفظ ہے۔

(D) جَسْمْ (C) جُسْمْ (B) جِسْمْ (A) جَسَمْ

10. درست تلفظ ہے۔

(D) شُکْرْ (C) شَکَرْ (B) شِکْرْ (A) شَکْرْ

11. ''مرزا محمد سعید'' کی عزیز داری کس شخصیت سے تھی؟

(D) اشفاق احمد زاہدی (C) شاہد احمد دہلوی (B) شیخ عبدالقادر (A) سر سید احمد خاں

12. سبق ''نظریہ پاکستان'' کے مصنف ہیں۔

(D) جمیل الدین عالی (C) سر سید احمد خاں (B) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان (A) ڈاکٹر سید عبداللہ

13. قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں، سیدانی بی کے سامنے:

(D) کان پکڑتی تھیں (C) دم نہ مارتی تھیں (B) کھڑی رہتی تھیں (A) کام کرتی تھیں

14. یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ ''ہلالِ عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے''۔

(D) حالی (C) عبدالمجید سالک (B) حفیظ جالندھری (A) اقبالؔ

15. آفت کا مارا فقیر بچوں کا باپ تھا۔

(D) نو (C) سات (B) پانچ (A) تین

Roll No:__________ امیدوار خود پُر کرے

**Sessions; 2015-17 & 2016-18**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

**Group-I-گروپ**

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. منزل پر پہنچیں گے اک دن ، وہیں قیام کریں گے — روک نہیں سکتی ہے ناصؔر کوئی بھی دیوار ہمیں

ii. نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

iii. اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق — اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

iv. یہ سعادت حورِ صحرائی تری قسمت میں تھی — غازیانِ دین کی سقائی تری قسمت میں تھی

**(حصہ غزل)**

i. یہ وہ راستہ ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ، صبا ہوگئی ہے

ii. یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانہ عشق — مگر اے دوست کچھ ایسوں کا ٹھکانہ بھی نہیں

iii. جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) اُس کی کارسازی کے قربان، صدقے مشکل کشا کے عقل نے ایسا کام دیا اور پہلے ہی جوڑے میں واہ واہ ہوگئی۔ شہزادی کا چہرہ بھی خوشی کے مارے پھول کی طرح کھل گیا۔ اب کیا تھا میرے ہاتھ پاؤں میں گھوڑے لگ گئے، دِنوں کا کام گھڑیوں میں ہونے لگا۔ کہانی بہت لمبی ہے کہاں تک کہوں جس کام کی آدمی دُھن باندھ لے وہ ہو ہی جاتا ہے۔

(ب) قسطنطنیہ پر فوج کشی ہوئی تو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ اس گروہ میں شریک تھے۔ سفرِ جہاد میں وبا پھیل گئی۔ مجاہدین کی بڑی تعداد اس وبا کا شکار ہوئی۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ بھی علیل ہوئے۔ ان کا انتقال ہوا تو مسلمان مجاہدین نے انہیں رات کے وقت قسطنطنیہ کی دیواروں کے نیچے دفن کر دیا آج بھی مقبرہ دنیا کے مسلمانوں کیلئے مرجع خیر و برکت بنا ہوا ہے۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

ii. اردو کے شعراء نے ہر دور میں عید الفطر کو موضوعِ سخن کیوں بنایا؟

iii. چغل خور کو اپنی بری عادت سے کیا نقصان اٹھانا پڑا؟

iv. نام دیو مالی کی موت کا سبب کیا تھا؟

v. حکومت کی اولین ترجیح کیا ہے؟

vi. نعت کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟

vii. شاعر منزلِ مقصود پر پہنچنے کیلئے پُر امید ہے، کیوں؟

viii. نظم میں شاعر نے ''نیا گل کھلانے'' کا ذکر کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ نظریہ پاکستان یا نام دیو مالی** 05

**6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 15

i. تعلیمِ نسواں ii. زم زم ii. والدین کی اطاعت

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔

**سوالات:**

i. سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟ ii. تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟ iii. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

iv. صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟ v. دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

☆



Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**Sessions; 2015-17 & 2016-18**

| Paper Code | 3 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1. سید احمد بریلوی اور شاہ اسماعیل شہید ہوئے۔
(A) ۱۸۲۱ء میں (B) ۱۸۳۱ء میں (C) ۱۸۴۱ء میں (D) ۱۸۵۷ء میں

2. پرستان میں پھل دار پودے بڑے بڑے تھے۔
(A) بالشت بھر (B) چھ چھ فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

3. آفت کا مارا فقیر بچوں کا باپ تھا۔
(A) تین (B) پانچ (C) سات (D) نو

4. سبق ملمع اصنافِ ادب کے لحاظ سے ہے۔
(A) داستان (B) افسانہ (C) مضمون (D) ناول

5. گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔
(A) ضرر رساں (B) بےسود (C) مفید (D) آبِ حیات

6. مسلمانوں نے استنبول کا محاصرہ کتنے سال بعد اٹھایا؟
(A) پانچ (B) سات (C) آٹھ (D) نو

7. سبق کے مطابق قلم اور بندوق دونوں ------ تھے۔
(A) پڑوسی (B) عزیز (C) خطرناک (D) ظالم

8. شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے۔
(A) صحرائی (B) ارضی (C) آسمانی (D) جنت

9. شاعر نے تہذیب کا پروردگار کہا ہے۔
(A) عالم کو (B) مزدور کو (C) کسان کو (D) معلم کو

10. انتہا تک پہنچنے کی شرط ہے۔
(A) ابتدا کرنا (B) جہدِ مسلسل (C) ایثار (D) چاہت اور محنت

11. درست تلفظ والا لفظ ہے۔
(A) اَرَشَادْ (B) اَرْشَادْ (C) اَرِشَاد (D) اِرْشَادْ

12. مدرسہ کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَدَرُسَہْ (B) مَدْرَسَہْ (C) مَدْرِسَہْ (D) مَدَرَسَہْ

13. چھوٹو گرامر میں ہے۔
(A) لقب (B) خطاب (C) اسم عرف (D) ضمیر

14. غٹرغوں گرامر میں ہے۔
(A) اسم آلہ (B) اسم صوت (C) اسم جامد (D) اسم فاعل

15. شاہ سوار گرامر کی رو سے ہے۔
(A) اسم مکبر (B) اسم مصغر (C) اسم ظرف (D) اسم معاوضہ

Roll No:__________ امیدوار خود پُر کرے

**Sessions; 2015-17 & 2016-18**

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. اپنے صحرا میں بہت آہو ابھی پوشیدہ ہیں — بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں

ii. یہ سماں اور اک قوی انساں ، یعنی کاشت کار — ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

iii. من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے — سننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دھن لہرائے

iv. اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے ایسے غار ہیں — دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

**(حصہ غزل)**

i. بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے — وہ کچھ اس سادگی سے مِلتا ہے

ii. سر میں سودا بھی نہیں ، دل میں تمنا بھی نہیں — لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

iii. تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) عالم کی موت عالَم کی موت ہوتی ہے۔ ابھی ہم کو اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا کہ مرزا صاحب کے رخصت ہو جانے سے ہمارا کتنا بڑا نقصان ہو گیا ہے۔ اب ان کی عدم موجودگی رہ رہ کر ہمیں ان کی یاد دلائے گی اور وقت کے ساتھ اُن کی جدائی کا گھاؤ بڑھتا چلا جائے گا۔ مرزا صاحب بہت ہی خاموش کام کرنے والوں میں سے تھے، یعنی اتنے خاموش کہ خود اُن کے زمانے کے اکثر لوگ بھی ان کے علمی اور ادبی کارناموں سے واقف نہیں ہوئے۔

(ب) اُس نے ایک بار پھر آگے بڑھ کر کسان کی کلائی پکڑنے کی کوشش کی۔ یہ دیکھ کر کسان نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، پاؤں سے جوتا اُتار کر وہیں بیوی کی ٹھکائی شروع کر دی۔ جوں ہی اُس نے جوتے برسانے شروع کیے، قریب ہی کھیت میں چھپے ہوئے کسان کے سالے باہر نکل آئے: ''واقعی نوکر ٹھیک کہہ رہا تھا''۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

ii. شاعر کے نزدیک حضور ﷺ کا پیغام کیا ہے؟

iii. مصنف کے شریک سفر دوستوں کے نام تحریر کیجیے۔

iv. مذکورہ سڑک پر گھوڑوں پر کیا بیتی؟ ''بحوالہ نظم مال گودام روڈ''

v. رشید احمد صدیقی کے پہلے خط کے مخاطب کا کیا نام ہے؟

vi. عید کی شاعری کا ہماری شعری روایات سے کیا تعلق ہے؟

vii. لڑکی سٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟

viii. سیدانی نے گزر اوقات کے لئے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** نظریہ پاکستان **یا** استنبول 05

**6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) برسات کا موسم (ii) محنت کی برکتیں (iii) قائد اعظم۔ 15

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو اُن کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان، زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟ ii. عربی اور انگریزی زبانیں کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟ iii. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

iv. آریائی خاندان کی جن زبانوں کا ذکر اوپر کیا گیا ہے، ان کے نام لکھیے۔ v. دنیا کے کون کون سے ممالک ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

D & D (Part-II)-A-2018

رول نمبر (ہندسوں میں) ____________

رول نمبر (لفظوں میں) ____________

اپنی جوابی کاپی کا سیریل نمبر لکھیئے ____________

دستخط نائب ناظم: ____________

**(For all sessions)**

# اُردُو (لازمی)

پرچہ:II (معروضی طرز)

وقت: 40 منٹ

کل نمبر: 35

**اپنا رول نمبر اور سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی ہدایات کے مطابق لکھیئے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔**

یہ حصّہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ منسلک کیا جائے۔

**1. دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کیجیے۔ 10**

(i). چغل خور نے کسان سے ------ بعد ایک چغلی کھانے کی اجازت مانگی۔ (ایک ماہ ، چھ ماہ ، نو ماہ)

(ii). احمد نگر کے رئیس کا نام ------ ہے۔ (شاکر خاں ، احمد علی ، طالب علی)

(iii). پورے شہر میں ------ مساجد ہیں۔ (چار سو ، پانچ سو ، چھ سو)

(iv). سلیمانیہ سے ملحق ایک بڑا ------ ہے۔ (کتب خانہ ، مدرسہ ، کالج)

(v). چغلی کھانا چغل خور کی ------ ہوتی ہے۔ (فطرت ، جبلت ، عادت)

**2. مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 10**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| (i). | ایکا ایکی | |
| (ii). | زندگی دوبھر ہو جانا | |
| (iii). | دیرینہ | |
| (iv). | سربراہ | |
| (v). | محاصرہ | |

**3. مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیے۔ 05**

| | الفاظ | معانی |
|---|---|---|
| (i). | آفت کا مارا | |
| (ii). | سرد و گرم | |
| (iii). | بے ساختہ | |
| (iv). | نیاری | |
| (v). | ہنگام سحر | |

**4. مندرجہ ذیل الفاظ کے مترادف لکھیے۔ 05**

| | الفاظ | مترادف |
|---|---|---|
| (i). | دانا | |
| (ii). | داستاں | |
| (iii). | حب | |
| (iv). | ناتواں | |
| (v). | قیام | |

**5. مندرجہ ذیل مثبت جملوں کو منفی جملوں میں تبدیل کیجیے۔ 05**

| | جملے | منفی جملے |
|---|---|---|
| (i). | میرے سر میں درد ہے۔ | |
| (ii). | وہ کرکٹ کھیلتے ہیں۔ | |
| (iii). | آج موسم ابر آلود ہے۔ | |
| (iv). | ہاکی ہمارا قومی کھیل ہے۔ | |
| (v). | بجلی چمک رہی ہے۔ | |

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردو (لازمی)

پرچہ: II (انشائیہ طرز)

وقت: 1:50 منٹ

کل نمبر: 40

**6- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 20

i. میرا / میری دوست ii. وقت کی پابندی iii. علامہ اقبال

**7- درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جوابات لکھیے۔** 8=4+4

i. مصنف پر اس فقیر نے کیا اثر کیا؟

ii. مرزا صاحب نے کس کالج میں تدریس کے فرائض سرانجام دیے؟

iii. علی بخش سے مصنف کی ملاقات کیسے ہوئی؟

**8- درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کا مطلب آسان اُردو میں لکھیے۔** 05

i. من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے
سننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دھن لہرائے

ii. زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اسکی قدرت کے
بچھائے ہیں اُسی داتا نے دسترخوان نعمت کے

**9. درج ذیل عبارت کو پڑھ کر اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 07

ریڈیو پاکستان کراچی سے ۱۲ سال پہلے ایک پروگرام ' دانش کدہ' ' شروع کیا گیا تھا۔ جس میں چار دانش ور بلائے جاتے تھے اور سننے والوں کے سوالوں کے جواب فی البدیہہ دیا کرتے تھے۔ میں میرِ سوالات کی خدمت انجام دیتا تھا۔ میں نے سوچا کہ مرزا صاحب اگر اس پروگرام میں شرکت فرمانا منظور کر لیں تو اس پروگرام کو چار چاند لگ جائیں چناں چہ میں مرزا صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ عرضِ مدعا سن کر مُتبسّم ہوئے۔ فرمایا: ' ' آدمی شہرت کے لیے کوئی کام کرتا ہے یا دولت کے لیے۔ مجھے نہ اِس کی ضرورت ہے نہ اُس کی' '۔

**سوالات:-**

i. ریڈیو پاکستان سے کون سا پروگرام شروع کیا گیا تھا؟

ii. پروگرام میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے؟

iii. مرزا صاحب نے میزبان کا مدعا سن کر کیا فرمایا؟

☆



Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

**Session; 2014-2016**

# اُردو لازمی (معروضی)

## گروپ-I

وقت:20 منٹ

نمبر:15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،B,C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. مرزا محمد سعید کے ہاتھوں میں رعشہ آ گیا۔
(A) دس سال بعد (B) چالیس سال بعد (C) تیس سال بعد (D) بیس سال بعد

2. پرستان میں سیدانی بی کو لے کر گیا۔
(A) دیو (B) پری ذات (C) جن (D) فرشتہ

3. کانگریس کا قیام عمل میں آیا۔
(A) 1895ء (B) 1871ء (C) 1865ء (D) 1885ء

4. حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے اُن میں نمایاں ہے۔
(A) عظمتِ رفتہ (B) احساس شادمانی (C) عید کا ذکر (D) لُطف و مسّرت

5. سجاد حیدر یلدرم نے فقیر کیلئے نعمت تصور کیا۔
(A) روٹی کی محتاجی (B) دوست نہ ہونا (C) غریب الوطنی (D) بھیک مانگنا

6. چُغل خور کام جانتا تھا۔
(A) لکڑی کا (B) معماری کا (C) لوہے کا (D) کھیتی باڑی کا

7. علامہ اقبالؒ پھل پسند کرتے تھے۔
(A) انگور (B) لوکاٹ (C) خُوبانی (D) آم

8. میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت سے پتھر پگھل کر ہو گئے تھے۔
(A) راکھ (B) سُرخ (C) موم (D) خاک

9. کِسان قُدرت کے جلوے کا ہے۔
(A) نبّاض (B) گواہ (C) مدّاح (D) شاہد

10. رُوح کو محبت کا مزہ ملتا ہے۔
(A) دل کی ہمسائیگی میں (B) ہجر و فراق میں (C) وصال میں (D) تنہائی اور یکسوئی میں

11. ''معذرت'' کا درست تلفظ ہے
(A) مَعْذِرَت (B) مَعُذُرَت (C) مَعْذَرَت (D) مَعَذِرَت

12. ''اتحاد'' کا دُرست تلفظ ہے۔
(A) اَتّحَادُ (B) اِتَّحَادُ (C) اِتُحَادُ (D) اِتّحَادُ

13. ''رنگائی'' گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) مشتق (B) مصدر (C) حاصل مصدر (D) مفعول

14. ''چھم چھم'' گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) اسم آلہ (B) اسم مکبّر (C) اسم ظرف (D) اسم صوت

15. جُملہ اسمیہ کے اجزاء ہوتے ہیں۔
(A) 02 (B) 04 (C) 03 (D) 05

Roll No:____________ امیدوار خود پُر کرے

**Session; 2014-2016**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-I

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔** (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) — 10

(حصہ نظم)

i. اب انساں کو انساں کا عرفان ہوگا — یقین ہوگیا، اعتبار آگیا ہے

ii. رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے — ذرّہ ذرّہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

iii. بچھڑے ہوؤں کو بکھرے ہوؤں کو اِک مرکز پر لایا — کتنے ستاروں کے جھرمٹ میں سورج بن کر آیا

iv. پانی تھا آگ، گرمی روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخ موج تک آئی، کباب تھی

(حصہ غزل)

i. آدمی آدمی سے ملتا ہے — دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

ii. اک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ایسا بھی نہیں

iii. یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر، صبا ہوگئی ہے

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** — 10

(الف) سنا ہے کہ یہ نہایت شریف گھرانے کی بیٹی تھی۔ مرہٹہ گردی میں ان کا خاندان تباہ ہوگیا۔ برس دن کی بیاہی بیوہ ہوگئیں۔ اس زمانے میں دوسری شادی کرنا بڑا عیب سمجھا جاتا تھا۔ مغلانی کا پیشہ اختیار کرلیا اور اپنی ہنرمندی کی بدولت رنڈاپا گزار دیا۔

(ب) ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فیٹ کا راستہ بن گیا۔ نمازی دو رویہ کھڑے ہوگئے۔ ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مندوبین نہایت اطمینان سے باہر آگئے یہ تنظیم کی بات ہے۔ ترک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں۔ ان کا یہ ڈسپلن ان کو دنیا کی بڑی قوم بنا رہا ہے۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** — 10

i. مرزا محمد سعید کی معرکۃ الآرا کتاب کا نام اور مرتبہ بیان کیجیے۔

ii. سبق "مقطع" کو مدِنظر رکھ کر جواب دیں کہ "لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی"؟

iii. نام دیو مالی بچوں کا علاج کس طرح کرتا ہے؟

iv. "جھیل گئے دکھ جھیلنے والے اب ہے کام ہمارا" اس مصرعے کا مفہوم بیان کریں۔

v. انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

vi. جگر مراد آبادی کی غزل کے مطلع میں کس حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

vii. ڈاکٹر محمد حسن کا شکریہ کس بات پر ادا کیا گیا ہے؟

viii. عیدالفطر کے موقع پر شہزادوں اور شہزادیوں کا ذکر کرتے ہوئے خواجہ حسن نظامی نے کیا نکتہ اجاگر کیا ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** مرزا محمد سعید **یا** علی بخش — 05

**6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) یوم آزادی (ii) برسات کا موسم (iii) وقت کی پابندی — 15

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** — 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کردیا اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا مچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ کوئی اور نہیں ہے۔

**سوالات:۔**

i. اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

ii. کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

iii. کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

iv. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

v. کیا اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا۔

☆☆



| Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے | Session; 2014-2016 | Paper Code | 7 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت:20 منٹ — نمبر:15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. گرامر کی رو سے ''قائداعظم'' ہے۔

(A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) کنیت

2. ''مصور'' کا درست تلفظ ہے۔

(A) مُصَّوَرْ (B) مُصَوِّرْ (C) مُصِوَرْ (D) مُصَوَرْ

3. ''منزل'' کا درست تلفظ ہے۔

(A) مَنُزَلْ (B) مَنْزَلْ (C) مَنْزِلْ (D) مِنْزَلْ

4. مرزا محمد سعید پنشن کا بڑا حصّہ صرف کر دیتے تھے۔

(A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے میں (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

5. سبق ''نظریہ پاکستان'' کے مصنف کا نام ہے۔

(A) سرسید احمد خاں (B) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں (C) مولوی عبدالحق (D) شفیع عقیل

6. پرستان سے سیدانی بی کو انعام ملا۔

(A) روپیا پیسا (B) کنکر پتھر (C) خلعت اور زیورات (D) جوہرات

7. ''تہنیت عید الفطر'' نظم ہے۔

(A) مرزا غالب کی (B) فیض احمد فیض کی (C) الطاف حسین حالی کی (D) میر انیس کی

8. شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔

(A) سلیم پور (B) دلی (C) جے پور (D) شاہ پور

9. جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں دیر تھی۔

(A) پندرہ منٹ (B) آدھا گھنٹا (C) ایک گھنٹا (D) چند منٹ

10. چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہوتا ہے۔

(A) نمکین (B) میٹھا (C) کھٹا (D) کڑوا

11. نظم ''اونٹ کی شادی'' کس شاعر کی ہے؟

(A) علامہ محمد اقبالؒ (B) جمیل الدین عالی (C) میر انیس (D) دلاور فگار

12. شاعر نے تہذیب کا پروردگار کسے کہا ہے؟

(A) عالم (B) مزدور (C) کسان (D) معلم

13. شاعر کو محبوب کی یاد نہیں آئی۔

(A) ایک ماہ سے (B) ایک سال سے (C) ایک مدت سے (D) ایک عرصے سے

14. ''بندوق'' اسم ہے۔

(A) اسم صوت (B) اسم آلہ (C) اسم تصغیر (D) اسم ظرف

15. گرامر کی رو سے ''تخلص'' اسم کی قسم ہے۔

(A) اسم علم (B) اسم ضمیر (C) اسم اشارہ (D) اسم موصول

Roll No:__________ امیدوار خود پُر کرے

**Session; 2014-2016**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر　　بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر
ii. ہے کوئی ہنگامہ تیری تربتِ خاموش میں　　پل رہی ہے اک قوم تازہ اِس آغوش میں
iii. سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اک پیغام　　اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام
iv. سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح　　اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

**(حصہ غزل)**

i. تیرے رتبہ دانِ محبت کی حالت　　ترے شوق میں کیا سے کیا ہوگئی ہے
ii. مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا　　ٹوٹ کر دل، اسی سے ملتا ہے
iii. اک شمع بُجھائی تو کئی اور جلا لیں　　ہم گردش دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) مرزا صاحب پطرس کے استاد ہیں۔ حسبِ دستور اپنی کارروائی دکھانے کے لیئے اس نے ان کے مسودے میں سے دو ایک فقرے نکال دیئے ان فقروں کا نکالنا اس کا نوکری سے نکالے جانے کا پیش خیمہ ہوگیا۔ بھاگا مرزا صاحب کی خدمت میں، معافی مانگی ہاتھ جوڑے، مرزا صاحب نہ مانے بولا، تو حضرت میرے نوکری گئی۔

(ب) وہ خود بھی صاف ستھرا تھا اور ایسا ہی اپنے چمن کو رکھتا تھا۔ اس قدر پاک صاف جیسے رسوئی کا چوکا کیا مجال جو کہیں گھاس پھونس یا کنکر پتھر پڑا رہے روشیں با قاعدہ، تھانولے درست، سنچائی اور شاخوں کی کاٹ چھانٹ وقت پر جھاڑنا، بہارنا۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. نظریہ پاکستان کا مقصد کیا ہے؟
ii. پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟
iii. عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟
iv. محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟
v. استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے؟
vi. انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟
vii. شاعری میں میر انیس کی وجۂ شہرت کیا ہے؟
viii. حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** نظریہ پاکستان **یا** چغل خور 05

**6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) ایک دلچسپ سفر (ii) برسات کا موسم (iii) صفائی کے فائدے 15

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

پنجاب کی حدود ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے ہوئے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری بھر کم فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں سیکڑوں اکڑ کر مر گئے ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:۔

i. جے پال اور سبکتگین میں لڑائی کیوں نہ ہوئی؟
ii. وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہ تھا؟
iii. پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھی کس زمانے میں؟
iv. جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
v. ''وہ لوگ برف کے کیڑے تھے'' کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

☆☆



Roll No.__________ (امیدوار خود پُر کرے)

**(For all Session)**

Paper Code | 7 | 0 | 2 | 3

# اُردو لازمی (معروضی)

## گروپ Group-I-

وقت:20 منٹ

نمبر:15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کی جگہ استعمال کیا جائے، کہلاتا ہے۔

(A) اسم نکرہ (B) اسم صفت (C) اسم ضمیر (D) اسم ذات

2. "شکر" کا درست تلفظ ہے۔

(A) شِکَرُ (B) شَکَرُ (C) شُکَرُ (D) شُکْرُ

3. "مضمون" کا درست تلفظ ہے۔

(A) مَضَمُوْن (B) مَضْمُوْن (C) مِضْمُوْن (D) مُضَمُوْن

4. پروگرام "دانش کدہ" میں کتنے دانش ور بلائے جاتے تھے؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

5. اکبر کے دور میں دین کی سر بلندی کیلئے کس نے سختیاں جھیلیں؟

(A) حضرت مجدد الف ثانیؒ (B) شاہ ولی اللہؒ (C) سید احمد بریلوی (D) شاہ عبدالعزیز دہلویؒ

6. یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ "ہلال عید کی گردوں پر آمد آمد ہے"۔

(A) اقبالؔ (B) حفیظ جالندھریؔ (C) عبدالمجید سالکؔ (D) حالیؔ

7. جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی؟

(A) پندرہ منٹ (B) آدھا گھنٹہ (C) ایک گھنٹہ (D) چند منٹ

8. شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے۔

(A) ارضی (B) صحرائی (C) آسمانی (D) جنت کی

9. ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے؟

(A) عجائب گھر (B) کتاب خانہ (C) قبرستان (D) فوجی عجائب خانہ

10. مقبرہ رابعہ درانی کہاں واقع ہے؟

(A) دلی میں (B) اورنگ آباد میں (C) حیدر آباد میں (D) الہٰ آباد میں

11. نظم "کسان" کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) جمیل الدین عالی (B) جوش ملیح آبادی (C) دلاور فگار (D) محمود سرحدی

12. رن کی زمین سرخ تھی اور آسمان تھا:

(A) سبز (B) نیلا (C) زرد (D) سرخ

13. فتنۂ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے؟

(A) محبوب کی خوش قامتی سے (B) خوش ادائی سے (C) انگڑائی سے (D) محفل آرائی سے

14. اسم معرفہ کی کتنی اقسام ہیں؟

(A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) سات

15. "قائداعظم" گرامر کے رو سے کیا ہے؟

(A) خطاب (B) کنیت (C) ضمیر (D) لقب

Roll No:______________ امیدوار خود پُر کرے

**(For all Sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-Group-I

وقت: 2:10 گھنٹے | نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔** (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

**(حصہ نظم)**

i. دو عالم کا اِمداد گار آگیا ہے ، امِین آگیا ، غم گُسار آگیا ہے
ii. گرمی سے مضطرِب تھا زمانہ زمین پر ، بُھن جاتا تھا جو گِرتا تھا دانہ زمین پر
iii. جلوۂ قدرت کا شاہد ، حُسن فِطرت کا گواہ ، ماہ کا دِل ، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ
iv. اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کا اِتفاق ، اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

**(حصہ غزل)**

i. ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت ، ترے شوق میں کیا سے کیا ہوگئی ہے
ii. ایک مُدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں ، اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ، ایسا بھی نہیں
iii. جلنا تو چراغوں کا مقدّر ہے ازل سے ، یہ دِل کے کنول ہیں کہ بُجھے ہیں نہ جلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) افسوس! اتنا بڑا صاحب کمال ہم سے اُٹھ جائے اور اُس کی سناؤنی ہم تک نہ پہنچے کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہلِ کمال سے غافل ہو جائیں۔

(ب) ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے درجہ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے نہ پہنچ سکتا ہے لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان، بنتا ہے یہ سمجھو کندن ہو جاتا ہے حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی اُسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا؟

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟
ii. مصنف پر اس فقیر نے کیا اثر کیا؟
iii. لڑکی کیوں سفر کر رہی تھی؟
iv. ''توپ کاپی'' میوزیم کا تعارف اپنے الفاظ میں کرایئے۔
v. شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟
vi. نظم مال گودام روڈ، سڑک پر چلنے والی کن سواریوں کا حلیہ بگڑتا ہے؟
vii. علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جاسکتی ہے؟
viii. فراق گورکھپوری کی شامل نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مُجھے میرے دوستوں سے بچاؤ یا نام دیو مالی** 05

**6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 15

i. قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ ii. شہری اور دیہاتی زندگی ii. وقت کی پابندی

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں، ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کرسکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟
ii. عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟
iii. کن کن ممالک میں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
iv. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟
v. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

☆☆



Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all Sessions)

Paper Code | 7 | 0 | 2 | 4

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-II

وقت:20 منٹ

نمبر:15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. مصنف کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے۔

(A) احمد مرزا (B) شاکر (C) محمد تحسین (D) قرض خواہ دوست

2. سبق ملمع اصناف ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟

(A) افسانہ (B) داستان (C) ناول (D) مضمون

3. استنبول کا فاتح کون ہے؟

(A) مراد ثانی (B) سلطان سلیمان (C) حضرت ایوب انصاریؓ (D) سلطان محمد فاتح

4. درست تلفظ ہے۔

(A) مُعِطّر (B) مُعَطَّر (C) مِعطَر (D) مَعطَر

5. آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟

(A) سات (B) تین (C) نو (D) پانچ

6. غڑغوں گرامر کی رو سے ہے۔

(A) اسم ظرف (B) اسم آلہ (C) اسم مصدر (D) اسم صوت

7. درست تلفظ ہے۔

(A) تُعَاوَن (B) تِعَاوِن (C) تَعَاوُن (D) تَعَاوُنْ

8. سبق ''چغل خور'' مصنف کی کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(A) چینی لوگوں کی کہانیاں (B) جاپانی لوگوں کی کہانیاں (C) پنجابی افسانے (D) پنجابی لوک داستانیں

9. پھولوں کا رنگ محبوب کی کس بات سے ملتا ہے؟

(A) خوش پوشی سے (B) تازگی اور نزاکت سے (C) ہنسی سے (D) شکل وصورت سے

10. اسم جامد ہے۔

(A) چٹان (B) چھم چھم (C) عیدگاہ (D) صبح

11. شاعر نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی کہا ہے۔

(A) ٹوکری (B) پھلواری (C) دلکش کھیتی (D) نگری

12. حاصل مصدر ہے۔

(A) دفتر (B) پگڑ (C) ڈھولک (D) مسکراہٹ

13. پرستان سے سیّدانی بی کو انعام میں کیا ملا؟

(A) جواہرات (B) کنکر پتھر (C) روپیا پیسا (D) خلعت اور زیورات

14. یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ ''ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے''

(A) اقبال (B) حالی (C) جالندھری (D) عبدالمجید سالک

15. پروگرام ''دانش کدہ'' میں کتنے دانشور بلائے جاتے ہیں؟

(A) تین (B) چار (C) سات (D) دو

Roll No:_____________ امیدوار خود پُر کرے

**(For all Sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. بُجھے گا نہ جس کا چراغ محبت — وہ پیغمبر ذی وقار آگیا ہے
ii. یہ سعادت حُورِ صحرائی! تیری قسمت میں تھی — غازیانِ دیں کی سقائی تیری قسمت میں تھی
iii. جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار — جس کے کس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہریار
iv. ڈگمگا جاتے ہیں ریڑھے لڑکھڑا جاتی ہے جیپ — واپس آ جائے سلامت سائیکل کی کیا مجال

**(حصہ غزل)**

i. آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے
ii. بات یہ ہے کہ سکونِ دل وحشی کا مقام — کنج زنداں بھی نہیں وسعت صحرا بھی نہیں
iii. تھے کتنے ستارے کہ سر شام ہی ڈوبے — ہنگام سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) ریشم اور سونے کے تاروں سے بنی ہوئی آب رواں موتیوں سے لیسی ہوئی گلشن، ایسا ہی کم خواب اور زربفت کہ دید نہ شنید، گوٹا وہ کہ دُنیا دیکھے اور اَش اَش کرے۔ رنگ رنگ کے جوہرات کی لڑیاں تھیں۔

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف آدمی کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہو، اردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی۔ جس کے ہم سب ہمیشہ متصرف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. پرستان کے بادشاہ نے سیّدانی بی کو کس کام کیلئے بلوایا تھا؟
ii. سبق ''مرزا محمد سعید'' مرزا صاحب نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟
iii. چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لبِ لباب کیا تھا؟
iv. سبق ''اٹھ باندھ کمر کیوں ڈرتا ہے'' اسلام کیسے امن و آشتی کا مذہب ہے؟
v. نام دیو مالی کی موت کا سبب کیا تھا؟
vi. ''جلوہ قدرت کا شاہد'' سے کون مراد ہے؟
vii. نظم ''نعت'' کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟
viii. شامل نصاب غزل میں دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ **یا** علی بخش 05

**6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) یومِ آزادی (ii) چاندنی رات (iii) گداگری 15

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

**سوالات:**

i. سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟
ii. تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟
iii. دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟
iv. صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟
v. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔